Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک، 31 جولائی 2026ء، 16 صفر المظفر 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 104

ٹیکنالوجی انسانوں کی ملازمتوں کی جگہ نہیں لے گی، شہزہ فاطمہ

بلکہ وہ افراد جو مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا جانتے ہیں، مستقبل کی افرادی قوت کی قیادت کریں گے ،، وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی

اے آئی کی مہارت رکھنے والے افراد مستقبل کی افرادی قوت کی قیادت کریں گے" جینڈر رسپانسیو اے آئی سکول: شمولیتی اور ذمہ دار مصنوعی ذہانت کے فروغ" کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق ستھرا پنجاب اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شہزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی انسانوں کی ملازمتوں کی جگہ نہیں لے گی بلکہ وہ افراد جو مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا جانتے ہیں، مستقبل کی افرادی قوت کی قیادت کریں گے۔ وہ جمعرات کو یو این ویمن کے زیر اہتمام "جینڈر رسپانسیو اے آئی سکول: شمولیتی (بقیہ نمبر 6)

پولیس چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت

دہشت گردی کے خلاف پولیس نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے

،ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس دیار خان سمیت 9 پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس (بقیہ نمبر 17)

شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر مری

جھیکا گلی لینڈ سلائیڈنگ، کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ڈی واٹرنگ سیٹ اور پائپ نصب

مری (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایت پر جھیکا گلی لینڈ سلائیڈنگ کے مقام پر حفاظتی اقدامات مزید سخت کر دیے گئے ہیں۔ کسی بھی ناخوشگوار یا ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹنے کے (بقیہ نمبر 9)

گاؤں دھیر کوٹ میں غیر قانونی آرا مشین ناکارہ

جنگلات کی کٹائی میں ملوث عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے، ڈپٹی کمشنر مری کی شاباش

مری (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے تحت جنگلات کے تحفظ کے لیے جاری مہم کے دوران محکمہ جنگلات نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے گاؤں دھیر کوٹ میں ایک نجی پراپرٹی پر چھاپہ مارا۔ کارروائی (بقیہ نمبر 8)

جھیکا گلی لینڈ سلائیڈ امدادی کاروائیاں تیزی سے جاری

جھیکا گلی لینڈ سلائیڈ کے متاثرین کو ہر ممکن مدد اور ریلیف فراہم کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی

مری (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر جھیکا گلی کے مقام پر ہونے والی لینڈ سلائیڈ کے بعد فوری طور پر امدادی کاروائیاں شروع کر دی گئی تھیں جو کہ تاحال جاری ہیں۔ متاثرہ علاقے (بقیہ نمبر 7)

لاہور: معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے فوڈ سیفٹی سلمیٰ بٹ محمد فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن کی رومیڈ اسپلشن، سٹارٹ ریٹنگ پروگرام اور کنزیومر پروٹیکٹ ایپ کا افتتاح کر رہی ہیں۔

پنجاب پولیس کی بیٹیاں جس طرح جس میں بھی چٹان کی طرح ڈٹ کر کھڑی ہیں، قابلِ تحسین، ہمت دیکھ کر بے حد فخر محسوس ہوتا ہے

پنجاب ہر میدان میں بازی لے رہا ہے، وزیر اعلیٰ

آئی جی صاحب! آپ پنجاب پولیس میں پہلی خاتون آئی جی بننے کی راہ ہموار کریں، ایک خاتون وزیر اعلیٰ بن سکتی ہے تو کوئی بھی مقام ناممکن نہیں

جس ملک کی 51 فیصد آبادی ترقی کے عمل میں اپنا حصہ ڈال رہی ہو، اس ملک کی ترقی اور خوشحالی کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی

پنجاب پولیس پر ریکارڈ اور تاریخی سرمایہ کاری کی گئی ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز کا لیڈی ریکروٹ کلاس کورس 18 کی پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب گڈ گورننس، ترقی اور کامیابی کے جھنڈے گاڑ رہا ہے، پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں خواتین حکومت، پولیس، کمشنرز، ڈی پی اوز اور وزیر اعلیٰ کے عہدے پر موجود ہیں، پنجاب ہر میدان میں بازی لے گیا ہے، جس ملک کی 51 فیصد آبادی ترقی کے عمل میں اپنا حصہ ڈال رہی ہو، اس ملک کی ترقی اور خوشحالی کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کی بیٹیوں کی یہ ہمت دیکھ کر آپ کی وزیر اعلیٰ آپ پر بے حد فخر محسوس کرتی ہے۔ ٹریننگ کالج میں تیسرا دورہ ہے، جب بھی آتی (بقیہ نمبر 29)

چوکی، بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

چوکی (این این آئی) ملانوالا بائی پاس پر بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق چوکی ملانوالا بائی پاس پر نوجوان موٹر سائیکل سوار (بقیہ نمبر 19)

اگست میں ملازمین اور طلبہ کی موجیں، چھٹیاں ہی چھٹیاں

سرکاری و نجی اداروں کے ملازمین سمیت طلبہ کے لیے اگست چھٹیوں کی خوشخبری کا مہینہ بن گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں سرکاری و نجی اداروں کے ملازمین سمیت طلبہ کے لیے اگست چھٹیوں کی خوشخبری کا مہینہ بن گیا۔ یوم آزادی کے حامل اس ماہ میں سرکاری تعطیلات اور ہفتہ وار چھٹیوں کی وجہ سے بہت سے افراد کو معمول سے زیادہ (بقیہ نمبر 18)

پیپلز پارٹی نے کراچی کے لوگوں کو ٹینکر مافیا کے حوالے کیا ہوا ہے

یہ نہیں ہو سکتا آپ جنوبی پنجاب کارڈ کھیلیں اور سندھ میں انتظامی یونٹس نہیں بن سکتے، عظمیٰ بخاری

مریم نواز کی جنوبی پنجاب پر خصوصی توجہ ہے، پتہ نہیں رونا دھونا کیوں پیپلز پارٹی کی عادت بن گئی، وزیر اطلاعات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ہم پیپلز پارٹی کی کارکردگی پوچھتے ہیں تو وہ چھپاتے پھرتے ہیں، پیپلز پارٹی نے کراچی کے لوگوں کو ٹینکر مافیا کے حوالے کیا ہوا ہے، جبکہ وفاق کے خلاف جھوٹا بیانیہ بنایا جاتا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پچھلے سیلاب میں بلاول بھٹو نے مشورہ دیا تھا کہ خیرات مانگنے نکل جائیں، وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنے وسائل سے (بقیہ نمبر 20)

خصوصی افراد کی حوالہ افزائی کرنا ہمارا سماجی فریضہ ہے

"تارے زمین پر" این جی او کی جانب سے 20 ویل چیئرز کے عطیات

مری (نمائندہ عوامی للکار) معذور اور خصوصی افراد کی فلاح و بہبود اور سیاحتی مقام پر ان کی سہولت کے لیے "تارے زمین پر" این جی او کے زیر اہتمام ڈپٹی کمشنر آفس مری میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے دوران "تارے زمین پر" این جی او کے عہدیداران نے 20 ویل چیئرز ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے حوالے کیں۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ خصوصی (بقیہ نمبر 21)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بلیوں کا عالمی دن 8 اگست کو منایا جائے گا

کوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بلیوں کا عالمی دن 8 اگست کو منایا جائے گا اس دن کا آغاز 2002ء میں جانوروں کیلئے کام کرنیوالے فلاحی ادارے انٹرنیشنل فنڈ فار اینیمل ویلفیئر کی جانب سے (بقیہ نمبر 22)

ایف ایف سی نے 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والی دوسری سہ ماہی کے نتائج کا اعلان کر دیا

ہمارے یوریا پلانٹس نے 1,417 ہزار ٹن یوریا تیار کیا، جبکہ سوناڈی اے پی کی 369 ہزار ٹن پیداوار بھی حاصل کی گئی

2026ء کی دوسری سہ ماہی کے لیے 14.5 روپے فی شیئر عبوری ڈیویڈنڈ (منافع منقسمہ) کا اعلان کیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ (ایف ایف سی) نے 29 جولائی 2026 کو منعقدہ اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں 30 جون 2026 کو ختم ہونے والی دوسری سہ ماہی کے مالی نتائج کا اعلان کیا ہے۔ ہمارے یوریا پلانٹس نے 1,417 ہزار ٹن یوریا تیار کیا، جبکہ سوناڈی اے پی کی 369 ہزار ٹن پیداوار بھی حاصل کی گئی۔ یوریا کا آف ٹیک بڑھ (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ڈاکٹر یانگ کی قیادت میں ایک کوریائی وفد ملاقات کر رہا ہے

جمہوریہ بیلاروس کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات

وفد کی قیادت مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف اور دفاع کے پہلے نائب وزیر، میجر جنرل مراویکو پاویل نکولا یووچ کر رہے تھے

دوطرفہ دفاعی ترقی، صنعتی تعاون، عسکری روابط، تربیتی اشتراک اور ابھرتی ہوئی فضائی و خلائی ٹیکنالوجیز میں تعاون پر جامع تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) جمہوریہ بیلاروس کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد، جس کی قیادت مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف اور دفاع کے پہلے نائب وزیر، میجر جنرل مراویکو پاویل نکولا یووچ کر رہے تھے، ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دوطرفہ دفاعی ترقی، صنعتی تعاون، عسکری روابط، تربیتی اشتراک اور (بقیہ نمبر 13)

بیلاروس کے دفاعی وفد نے، جس کی قیادت مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف اور نائب وزیر دفاع میجر جنرل مراویکو پاویل نکولا یووچ کر رہے تھے، اسلام آباد میں ایئر ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا اور پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی

پی ٹی آئی نے 5 اگست کو مینار پاکستان پر جلسے کیلئے ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 5 اگست کو مینار پاکستان پر جلسے کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ درخواست پی ٹی آئی لاہور کے صدر میاں عثمان اکرم کی جانب سے دائر کی گئی جس میں ڈپٹی کمشنر لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ پی ٹی آئی مینار پاکستان پر جلسہ کرنا چاہتی ہے، جلسے کی اجازت کیلئے ڈپٹی کمشنر کو 22 جولائی کو درخواست دی۔

راولپنڈی، اندھے قتل کی واردات کا ڈراپ سین، دوست ہی قاتل نکلے

نالہ لئی سے پچپن سالہ شخص کی خستہ حال نعش جس کا نچلا دھڑ پلاسٹک کے پیپر میں اور اوپری حصہ کپڑے میں بند تھا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ سٹی کے علاقے میں اندھے قتل کی واردات کا ڈراپ سین دوست ہی قاتل نکلے۔ حکام کے مطابق 13 جولائی کو تھانہ سٹی کے علاقے عثمان پورہ کے قریب بہنے والے نالہ لئی سے پچپن سالہ شخص کی خستہ حال نعش جس کا (بقیہ نمبر 30)

ڈی آئی جی آپریشنز کا اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہری لین دین کے معاملات کا تحریری معاہدہ کریں، فیصل کامران

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے شہریوں کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ فیصل کامران نے کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے اور حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری (بقیہ نمبر 31)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مری میں تعلیمی معیار اور سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر مری کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول مری کا اچانک دورہ

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اسکول میں اساتذہ اور طلباء کی حاضری، صفائی ستھرائی اور نظم و ضبط کا تفصیلی جائزہ لیا

اساتذہ تدریسی معیار کو مزید بہتر بنائیں اور طلباء کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں

مری (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے تعلیمی سرگرمیوں اور تدریسی عمل کا جائزہ لینے کے لیے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول مری کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء سے تعلیمی امور کے بارے میں براہ راست دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسکول میں اساتذہ اور طلباء کی حاضری، صفائی ستھرائی اور نظم و ضبط کا تفصیلی جائزہ (بقیہ نمبر 15)

الیکشن کمیشن نے 4 سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن ختم کر دی

سالانہ گوشوارے اور دیگر تقاضے پورے نہ کرنے پر ڈی لسٹ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے 4 سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن ختم کرتے ہوئے اس حوالے سے نوٹی فکیشنز جاری کر دیئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان کا سیاسی جماعتوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران (بقیہ نمبر 32)

محمد عاطف نئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سرگودھا تعینات

سرگودھا (این این آئی) حکومت پنجاب نے تبادلہ کے احکامات جاری کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سرگودھا کو تبدیل کر دیا۔ زرائع کے مطابق حکومت پنجاب (بقیہ نمبر 33)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بلیوں کا عالمی دن 8 اگست کو منایا جائے گا

اگست میں ملازمین اور طلبہ کی موجیں، چھٹیاں ہی چھٹیاں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹرز) کا ہولی فیملی ہسپتال تفصیلی دورہ

ہسپتال میں جاری تعمیراتی اور سیوریج کے کاموں کا معائنہ کیا، تعمیراتی اور سیوریج منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت

وینٹی لیٹرز، طبی آلات، صفائی ستھرائی، سینیٹیشن، انفیکشن کنٹرول اقدامات اور ایمرجنسی سروسز کی مجموعی کارکردگی کا بھی معائنہ کیا

راولپنڈی (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹرز) عبدالرحمان خان نے ہولی فیملی ہسپتال، راولپنڈی کا تفصیلی دورہ کیا تاکہ جاری ترقیاتی کاموں اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا جا سکے۔ دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹرز) نے ہسپتال میں جاری تعمیراتی اور سیوریج کے کاموں کا معائنہ کیا اور متعلقہ ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ تمام تعمیراتی اور سیوریج (بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر عبدالرحمان خان ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

راولپنڈی، مقابلے میں ہلاک اشتہاری ضرگام کے گھر سے تاوان کیلئے اغوا کی گئی خاتون بازیاب

ہری پور (این این آئی) ہری پور میں سی سی ڈی کے ساتھ مبینہ مقابلے میں ہلاک ہونے والے خطرناک اشتہاری ملزم ضرگام کی تفتیش میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، سی سی ڈی نے ملزم کے سٹی اٹک میں واقع دوسرے گھر پر کارروائی کرتے ہوئے 28 سالہ اغوا شدہ خاتون کو بحفاظت بازیاب کرا لیا۔ سی سی (بقیہ نمبر 23)

پاکستانی یوٹیوب چینلز کی عالمی رسائی میں نمایاں اضافہ

پاکستانی یوٹیوب چینلز پر دو کروڑ گھنٹے سے زیادہ ویڈیو مواد اپ لوڈ کیا گیا

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستانی یوٹیوب کری ایٹرز کی مقبولیت اب ملکی سرحدوں سے نکل کر عالمی سطح تک پہنچ گئی۔ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب کی تازہ رپورٹ کے مطابق پاکستانی مواد کو دنیا کے مختلف خطوں میں غیر معمولی پذیرائی بھی (بقیہ نمبر 28)

چیف جسٹس کے زبانی احکامات پر اب کوئی مقدمہ نہیں لگتا: رجسٹرار سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) رجسٹرار سپریم کورٹ سہیل لغاری نے کہا ہے کہ چیف جسٹس کے زبانی احکامات پر اب کوئی مقدمہ نہیں لگتا، سپریم کورٹ میں مقدمہ رالی ہیئرنگ یا پالیسی پر مقرر ہوتا ہے۔ سپریم کورٹ رجسٹرار سہیل لغاری نے مقدمات کی پالیسی پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 24)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں سنگاپور مارکیٹ سے جڑی ہیں، وزیر پیٹرولیم

مستقل جنگ بندی سے ہی قیمتیں نیچے آئیں گی ورنہ ٹارگٹڈ سبسڈی کی طرف جانا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں سنگاپور مارکیٹ سے جڑی ہیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی پٹرولیم کا اجلاس ہوا جہاں کمیٹی اراکین شریک ہوئے جبکہ چیئرمین اوگرا نے بریفنگ دی۔ (بقیہ نمبر 27)

لاہور: صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کو پیریئر کالج کے لاء ڈیپارٹمنٹ میں طلباء کو گریجوایشن مکمل کرنے پر اسناد تقسیم کرنے کی تقریب میں شرکت پر یادگاری شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

طلبہ کی تعلیم کے ساتھ کردار سازی بھی ناگزیر ہے، فیصل ایوب کھوکھر

باصلاحیت نوجوان ہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں، نجی کالج میں تقریب تقسیم اسناد سے خطاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر نے نجی کالج کی تقریب تقسیم اسناد میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے گریجویٹ طلبہ میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے اور ان کی علمی (بقیہ نمبر 26)

پنجاب بھر میں 200 واٹر بوٹلنگ پلانٹس لگانے کا منصوبہ

روزانہ 40 لاکھ سے زائد افراد کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی

لاہور (این این آئی) پنجاب صاف پانی اتھارٹی نے صوبے بھر میں 200 واٹر بوٹلنگ پلانٹس کے قیام کا منصوبہ تیار کر لیا ہے جس کے تحت روزانہ 40 لاکھ سے زائد افراد کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ یہ فیصلہ پنجاب صاف پانی (بقیہ نمبر 25)

ضلع ننکانہ صاحب کو الیکٹرک بسوں کی فراہمی خوش آئند اقدام ہے

شہریوں کو آرام دہ، باوقار سہولیات میسر آئیں گی، رانا محمد ارشد

شاہکوٹ (میاں داؤد) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب اسمبلی کے چیف وہپ رانا محمد ارشد نے ضلع ننکانہ صاحب کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے جدید الیکٹرک بسوں کی فراہمی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے سے شہریوں کو محفوظ، آرام دہ، باوقار اور ماحول دوست سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ اپنے بیان میں رانا محمد ارشد نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عوامی خدمت کے وژن کے تحت ضلع ننکانہ صاحب کو جدید سفری سہولت فراہم کر کے عوامی فلاح کے ایک اہم منصوبے (بقیہ نمبر 11)

ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

تعمیر شدہ ڈرینوں کو فوری طور پر آپس میں لنک کیا جائے، تعمیراتی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائی جائے

ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کا بھلوال میں جاری پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام منصوبے کا دورہ، تعمیراتی کام تیز کرنے کی ہدایت

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے تحصیل بھلوال میں جاری پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے ترقیاتی منصوبے کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بھلوال اور اے ڈی پی ڈی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے منصوبے پر جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران و ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ منصوبے کی تکمیل کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد اس منصوبے کے ثمرات میسر آ سکیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تعمیر شدہ ڈرینوں کو فوری طور پر آپس میں لنک کیا جائے تاکہ بارش کی (بقیہ نمبر 12)

سرگودھا۔ ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری بھلوال میں جاری پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے ترقیاتی منصوبے کا معائنہ کیا

غیر قانونی تمباکو کی ترسیل اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف ملک گیر کارروائی کا آغاز

گلگت میں غیر قانونی سگریٹ فیکٹری اور تمباکو گودام سیل

پاکستان ٹوبیکو بورڈ کا بڑا کریک ڈاؤن، تمباکو کاشتکاروں کے حقوق کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا، چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ

ڈیلروں کو سستے داموں تمباکو خریدنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی: چیئرمین پی ٹی بی

گلگت (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ، محمد شاہد حسین نے ٹوبیکو ریسرچ سب اسٹیشن مانسہرہ کے دورے کے دوران موصول ہونے والی اطلاعات کا فوری نوٹس لیا، جن کے مطابق مانسہرہ سے غیر قانونی طور پر تمباکو کی ترسیل بابوسر ٹاپ اور چلاس کے راستے گلگت بلتستان کی جا رہی تھی۔ اطلاعات موصول ہوتے ہی چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 16)

پاکستان ٹوبیکو کا بڑا کریک ڈاؤن، گلگت میں غیر قانونی سگریٹ فیکٹری اور تمباکو گودام سیل کیا جا رہا ہے

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

غفلت کا خمیازہ

ایک خبر کے مطابق سندھ میں گزشتہ تقریباً ایک دہائی کے دوران ایڈز کے چار بڑے آؤٹ بریکس ہوئے جن میں تقریباً 1300 سے زائد افراد' جن میں زیادہ تعداد بچوں کی ہے' ایچ آئی وی سے متاثر ہوئے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ان تمام واقعات میں قدرِ مشترک پائی جاتی ہے جو کہ غیر محفوظ طبی طریقہ کار' انفیکشن کنٹرول کی ناکامی' حفاظتی اصولوں کی خلاف ورزی اور نگرانی کا کمزور نظام ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ان اسباب کا آج مکمل تدارک ہو چکا ہے؟ بدقسمتی سے جواب نفی میں ہے۔ اگرچہ حکومت نے غیر معیاری سرنجوں پر پابندی' آٹو ڈس ایبل سرنجوں کے فروغ' ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی اور بعض نئے انتظامی اقدامات کا اعلان کیا ہے لیکن زمینی سطح پر یہ بنیادی مسائل اب بھی موجود ہیں۔

انفیکشن کنٹرول کے سخت معیارات' محفوظ سرنجوں اور خون کی لازمی جانچ' غیر رجسٹرڈ کلینکس کے خلاف بلاامتیاز کارروائی' ایچ آئی وی کی وسیع پیمانے پر سکریننگ اور عوامی آگاہی کی مہمات کے بغیر اس مرض سے چھٹکارا حاصل کرنا ممکن نہیں۔ شہری بھی اس ذمہ داری سے مبرا نہیں۔ انہیں ہر انجکشن کیلئے نئی سرنج کے استعمال پر اصرار کرنا چاہیے' صرف مستند طبی مراکز سے علاج کرانا چاہیے' غیر ضروری انجکشن لگوانے سے گریز کرنا چاہیے اور ضرورت پڑنے پر ایچ آئی وی ٹیسٹ کرانے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرنی چاہیے۔

کا کروچ جنتا پارٹی کتنی کامیاب رہی؟

عمران یعقوب خان

ایک وزیر کے استعفے پر اپنا احتجاج ختم کرنے والی کا کروچ جنتا پارٹی جسے اپنی کامیابی قرار دے رہی ہے' میری نظر میں وہ اس کی سب سے بڑی ناکامی ہے۔ اس حوالے سے میرا استدلال یہ ہے کہ جب پورے بھارت کے نوجوانوں کی ترجمان یہ پارٹی پورے نظام کو تبدیل کرنے کی استعداد کی حامل ہے تو محض ایک وزیر کے استعفے پر اکتفا کیوں کیا گیا؟ کیا بھارت میں نوجوانوں کو ان کے پورے حقوق ملنا شروع ہو گئے ہیں؟ کیا وہاں اقلیتوں کے ساتھ اکثریتوں کے ناروا سلوک کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے؟ کیا بھارت میں عوامی سطح پر میرٹ پوری طرح لاگو ہو گیا ہے؟ کیا بھارت میں سرکاری سطح پر ہونے والی کرپشن کا گراف نیچے آ گیا ہے؟ کیا بھارت میں مودی حکومت کے اللے تللے اور حکمرانوں کی عیش کوشیاں اور عیاشیاں عنقا ہو چکی ہیں؟ کیا بھارت میں غربت و افلاس کا خاتمہ ہو چکا ہے؟ کیا مودی سرکار نے عوام کش بجٹ بنانا ترک کر دیے ہیں؟ کیا بھارت میں اقربا پروری کا مکمل سد باب کیا جا چکا ہے؟ کیا بھارت میں مہنگائی' چور بازاری اور مافیا ازم کا مکمل تدارک کیا جا چکا ہے؟ اگر یہ سب کچھ نہیں ہوا تو پھر کا کروچ جنتا پارٹی کو اپنا احتجاج وسیع کرنا چاہیے تھا یا انقلابی مظاہرے ترک کر کے واپس آ جانا چاہیے تھا؟ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ کیا محض وزیر تعلیم کے مستعفی ہونے سے بھارت میں تعلیمی نظام میں پائی جانے والی کرپشن' دو نمبری اور میرٹ کی خلاف ورزیاں بند ہو گئی ہیں؟ کیا ایک وزیر کے استعفیٰ دینے سے اب پرچے آؤٹ ہونا بند ہو جائیں گے؟ کا کروچ جنتا پارٹی اگر پورے نظام کو تبدیل نہیں کر سکتی تھی تو کم از کم بھارت کے تعلیمی نظام میں اصلاحات ہی یقینی بنا لیتی تاکہ آئندہ کوئی پرچہ آؤٹ نہ ہو سکتا' آئندہ کوئی تعلیمی شعبے میں میرٹ کی خلاف ورزیاں نہ کر سکتا' آئندہ تعلیم سے فارغ ہونے والے تمام بھارتی نوجوانوں کیلئے نوکریوں کا بندوبست ہو سکتا اور آئندہ کوئی بھارتی جج بے روزگاروں کیلئے کا کروچ جیسا غلیظ لفظ استعمال کرنے کی ہمت نہ کر سکتا۔ ایسے جج کو چوراہے پر عوام کے سامنے کھڑا کر کے پوچھا جانا چاہیے کہ اس بڑھتی ہوئی بے روزگاری کا ذمہ دار کون ہے؟ اور جو ذمہ دار ہے یا جو ذمہ دار ہیں بطور ایک منصف کے انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانا اس جج کی ذمہ داری ہے یا نہیں؟ یہ کام صرف اور صرف کا کروچ جنتا پارٹی کر سکتی تھی جو نہیں کیا گیا۔

رواں ماہ بھارت کے دارالحکومت دہلی میں جنریشن زی اور طالب علموں نے میڈیکل کے لاکھوں طلبہ کو متاثر کرنے والے امتحانی پیپرز کے مسلسل لیک ہونے' امتحان کے نتائج منسوخ ہونے پر طلبہ کی خودکشیوں' نوجوانوں میں تیزی سے بڑھتی ہوئی بے روزگاری کے خلاف پارلیمنٹ کی طرف مارچ کیا تو احتجاج کا ایک ایسا مومینٹم بن چکا تھا جس میں بھارتی معاشرے کے دیگر طبقات بھی شامل ہو گئے تھے حتیٰ کی وکلا اور بھارتی اداکار بھی اس تحریک کی حمایت میں اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ احتجاج کا یہ سیلِ رواں مودی حکومت کا سب کچھ بہا لے جاتا' لیکن ایک محدود مطالبے کو ہی کافی سمجھ لیا گیا جسے پورا کرنے میں مودی حکومت کو کوئی تامل نہ ہوا۔ یہ بات میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ کسی بھی تحریک کا مومینٹم بار بار نہیں بنتا' جب بنا ہو تو اس سے بھرپور استفادہ کیا جانا چاہیے۔

ایسا نہیں کہ اس سے پہلے ایسا ہوا نہیں۔ بنے ہوئے بھرپور مومینٹم سے سو فیصد اہداف حاصل کرنے کے معاملات پرانے نہیں ہیں' یہ ماضی قریب کی تاریخ کا حصہ ہیں۔ ابھی دو سال بھی نہیں گزرے کہ بنگلہ دیش میں طلبہ نے ایک ایسی بھرپور تحریک چلائی کہ وزیراعظم حسینہ واجد کو ملک سے فرار ہونا پڑا۔ وہاں بھی معاملات بھارت سے مختلف نہیں تھے۔ بنگلہ دیش میں طلبہ تحریک کے بنیادی اسباب میں سرکاری نوکریوں میں 56 فیصد مخصوص کوٹہ سرفہرست تھا۔ اس کوٹے کا بڑا حصہ (30 فیصد) 1971ء کی جنگ لڑنے والوں کے اہلِ خانہ کیلئے مختص تھا' جس کے باعث میرٹ پر آنے والے نوجوان شدید متاثر اور محروم ہو رہے تھے۔ میرٹ اور اہلیت ہونے کے باوجود اعلیٰ سطح کی نوکریوں تک عام بنگلہ دیشی کی رسائی محدود' بے حد محدود بلکہ ناممکن ہو چکی تھی۔ اس بے انصافی کے خلاف احتجاجی تحریک کے دوران سابق وزیراعظم حسینہ واجد کے متنازع بیانات' جن میں انہوں نے مظاہرین کو غدار اور رضا کار قرار دیا' نے عوام کے جذبات کو مزید مشتعل کر دیا تھا۔ پُرامن طلبہ احتجاج کو کچلنے کیلئے حکومتی جماعت کی طلبہ ونگ (چھاترا لیگ) اور سیکورٹی اداروں کی جانب سے شدید تشدد کیا گیا' آنسو گیس اور گولیوں کے استعمال سے کئی طلبہ ہلاک ہوئے جس سے تحریک مزید پھیل گئی۔ عوامی بے روزگاری اور معاشی بحران بھی اس تحریک کے کامیاب ہونے کی ایک وجہ تھی۔

اسی طرح اب سے ایک سال پہلے نیپال میں آٹھ ستمبر 2025ء کو شروع ہونے والی نوجوانوں کی عوامی تحریک کے نتیجے میں وزیراعظم کے پی شرما اولی کو نو ستمبر کو اپنے عہدے سے مستعفی ہونا پڑا تھا۔ ان کے ساتھ وزیر دفاع' وزیر داخلہ اور دوسرے وزرا کو بھی اپنے عہدوں سے سبکدوش ہونا پڑا تھا۔ حکومت برطرف کر دی گئی تھی۔ ہنگاموں کے نتیجے میں مظاہرین نے وزیراعظم ہاؤس' پارلیمنٹ اور دوسری سرکاری املاک کو نذرِ آتش کیا تھا' توڑ پھوڑ کی تھی اور کئی وزرا کو یرغمال بنا لیا گیا تھا۔

اس سے بھی پہلے سری لنکا میں اسی طرح عوامی طاقت کا مظاہرہ کیا گیا تھا۔ 2022ء کے اوائل میں سری لنکا کو بدترین معاشی بحران کا سامنا تھا۔ زرِمبادلہ کے ذخائر ختم ہونے کے باعث ملک میں ادویات' ایندھن اور خوراک کی شدید قلت پیدا ہو چکی تھی۔ بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ اور مہنگائی کے مسلسل طوفانوں نے عام آدمی کی زندگی مفلوج کر کے رکھ دی تھی۔ لاکھوں اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں کیلئے مارکیٹ میں روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر تھے۔ عوام کا کہنا تھا کہ راجا پاکسا خاندان کی غلط پالیسیوں اور کرپشن نے ملک کو دیوالیہ ہونے کی حد تک پہنچا دیا ہے' چنانچہ مارچ 2022ء میں صدر گوٹابایا راجا پاکسا کی رہائش گاہ کے باہر پُرامن مظاہروں سے اس تحریک کا آغاز ہوا جو پھر جنگل کی آگ کی طرح پھیلتی چلی گئی۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس میں طلبہ' کسان' مزدور اور عام شہری بھی شامل ہوتے گئے۔ ملک بھر میں ہڑتالیں ہوئیں اور احتجاجیوں کی جانب سے ایک متحدہ اور مشترکہ نعرہ بلند کیا گیا کہ سب کو استعفیٰ دینا ہوگا۔ تحریک چلتی رہی اور زور پکڑتی رہی۔ بالآخر نو جولائی 2022ء کو لاکھوں کی تعداد میں مظاہرین نے تمام رکاوٹیں توڑتے ہوئے دارالحکومت کولمبو میں صدر اور وزیراعظم کی سرکاری رہائش گاہوں پر دھاوا بول دیا۔ مظاہرین کے شدید دباؤ کے باعث صدر گوٹابایا راجا پاکسا پہلے ملک سے فرار ہوئے اور پھر انہوں نے 14 جولائی کو سنگاپور سے اپنا استعفیٰ ای میل کے ذریعے بھیجا۔ وزیراعظم رانل وکرما سنگھے نے بھی عہدہ چھوڑ دیا تھا۔

اس ساری تمہید کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ بھارت' بنگلہ دیش' نیپال' سری لنکا اور انڈونیشیا میں یا کسی بھی ملک میں اگر حکمرانوں کے محل محفوظ ہیں تو عوام کی وجہ سے اور وہ حکمرانوں کیلئے غیر محفوظ ہو جاتے ہیں تو اس کی وجہ حکمرانوں کی جانب سے عوام کش پالیسیاں مرتب کرنا اور اقدامات کرنا ہے۔ یہ ستر اور اسی کا زمانہ نہیں ہے 2026ء چل رہا ہے۔ سوشل میڈیا نے عوام کو ایک نئی طاقت فراہم کر دی ہے۔ اب کچھ بھی خفیہ نہیں رکھا جا سکتا' سب کچھ بے نقاب ہو جاتا ہے۔ عوام کو اپنی استبدادی پالیسیوں سے دبانے کی کوشش کرنے والے دوسرے ممالک کے حکمرانوں کیلئے ان عوامی تحریکوں میں سیکھنے کیلئے بہت کچھ پوشیدہ ہے' اگر وہ سمجھنے کی کوشش کریں تو!

کاغذی شیر

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

ڈاکٹر کا انکارسن کر مریض نے دھاڑیں مار کر رونا شروع کر دیا بلکہ مریض اٹھا اور ڈاکٹر کے قدموں سے لپٹ گیا ڈاکٹر صاحب میں انتہائی غریب ہوں میرا کوئی نہیں ہے میں کئی دنوں سے تڑپ رہا ہوں خدا کے لیے میری مدد کریں پچھلے کئی دنوں سے میرا پیشاب بند ہے قطرہ قطرہ آتا ہے میں مرض الموت کا شکار ہوں خدا کے لیے میرا علاج کریں یا مجھے موت دے دیں میں اور تکلیف برداشت نہیں کر سکتا ڈاکٹر فرعونی لہجے میں بولا جب ہسپتال میں بیڈ ہی خالی نہیں تو میں کیسے آپ کا علاج کروں ڈاکٹر مسلسل انکار اور مریض مسلسل منتیں ترلے ہاتھ جوڑ رہا تھا مریض کی دردناک حالت دیکھی نہیں جا رہی تھی میں سفارشی پرچی کے ساتھ لاہور کے مصروف گورنمنٹ ہسپتال میں آیا ہوا تھا میرے مریض کی حالت اتنی دردناک نہیں تھی میں آگے بڑھا اور ڈاکٹر سے کہا ڈاکٹر صاحب آپ میری سفارشی پرچی پر اس غریب کو دیکھ لیں ہم بعد میں آ جائیں گے میں یہ کہہ کر کمرے سے نکل آیا باہر آیا تو چاروں طرف ایم ایس صاحب اور حکمرانوں کے نمائشی بینر جا بجا لگے نظر آئے ایم ایس صاحب نے حکمرانوں سے مل کر یہ کر دیا وہ درخت عمارت پر حکمرانوں کے فلاحی تاریخی کارناموں کے اشتہار لٹک رہے تھے خادم اعلیٰ مسیحا اعظم آپ جب ٹی وی یا اخبارات میں درباری دانشوروں اور حکمرانوں کے چمچوں کے بیانات دیکھتے ہیں تو لگتا ہے پورے پاکستان میں سنہرا انقلاب آ چکا ہے ہم ترقی یافتہ دور میں داخل ہو چکے ہیں عمران خان نواز شریف شہباز شریف زرداری کا تجزیہ کریں تو ایک بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ ہمارا معاشرہ پوری طرح نمائش کے سمندر میں غرق ہو چکا ہے نفسیاتی طور پر ہم نمائشی کلچر کے غلام ہو چکے ہیں آپ کسی بھی صوبے حکمرانوں یا لیڈروں کو دیکھ لیں وہ صرف انہی کاموں پر زور دیں گے جن سے ان کی واہ واہ ہو زندہ باد کے نعرے گونجیں آپ ان کی نفسیات کو دیکھیں تو واضح ہوتا ہے کہ یہ ہر اس منصوبے کو زیر التوا رکھتے ہیں جو دور رس ہو یا ان کی فوری حکومت کے لیے باعث رنجش نہ بنتا ہو جیسے ہی کسی حلقے میں الیکشن آ جائے تو سرد خانوں سے پرانے منصوبوں کو نکال لایا جاتا ہے آپ حکمرانوں کی نفسیات کا پہلو ملاحظہ فرمائیں کہ چند لاکھ سے لیکر اربوں روپے سے معرض وجود میں آنے والے منصوبوں کا افتتاح یہ خود کرنا چاہتے ہیں اور جب یہ اپنے حواری چمچوں کے ساتھ افتتاح کرنے آتے ہیں تو ان کی چال آنکھوں کی چمک اور گالوں پر سرخی کے ڈورے دیکھنے والے ہوتے ہیں اور پھر جب یہ ہاتھ میں قینچی اٹھا کر فیتہ کاٹ کر اپنے نام کی نصب شدہ تختی کا نقاب اٹھاتے ہیں تا کارکن اور چمچے کس طرح ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے اور ہاروں کے انبار صرف اور صرف نمائشی کلچر اور افتتاح کے بعد اس طرح دیکھتے ہیں جیسے کوئی نیا ملک فتح کیا ہو یا انسانیت کی بہت بڑی خدمت کی ہو حکمرانوں کی خوش فہمی کا لیول دیکھیں کسی عمارت کی پیشانی پر ان کا نام لکھا جائے تو سمجھتے ہیں کہ تاریخ میں امر ہو گئے ہیں پورے شہر کی سڑکوں عمارتوں پر ان کے نام کی لہراتے بینر ان کو تسکین دیتے ہیں ان کی فضول تقریروں کے دوران ابھرنے والے نعروں اور گونجنے والی تالیوں کو یہ حاصل زندگی اور شہرت سمجھتے ہیں جبکہ یہ ان کی طفلگی دیکھیں کہ ان باتوں کا حقیقت سے کوئی بھی تعلق نہیں ہوتا یہ تو پانی پر بننے والے بلبلے ہوتے ہیں جو چند لمحوں میں ہی ختم ہو جاتے ہیں اور یہ تالیاں برف کی ٹکیاں ہوتی ہیں جو وقت کی دھوپ میں پگھل جاتی ہیں اور نعرے گردش لیل و نہار میں گھل جاتے ہیں اور تختیوں پر لکھے نام ریت کی لکیریں ہوتے ہیں جو ہوا کے جھونکوں سے اڑ جاتے ہیں اگر یہ زندہ باد کے نعرے یہ بھنگڑے قصیدے باجے تمغے جلسے تاریخ کے اوراق میں معتبر ہوتے تو آج غلام محمد سکندر غلام اسحاق ایوب خان یحیٰ خان شوکت عزیز مشرف فراموش کے طاقچے اور عرب کے چوکھٹے میں بے نظر نہ آتے آج ماضی کا غبار انہیں گمنامی کی چادر میں نہ لپیٹ لیتا بلکہ تاریخ آسمان پر یہ روشن ستاروں کی طرح چمک رہے ہوتے ان حکمرانوں کی نفسیات کا ایک خطرناک پہلو یہ بھی ہے کہ یہ اپنے اردگرد انہی لوگوں کی بارات اکٹھی کرتے ہیں جو ان کی خوشامد زیادہ سے زیادہ اور احسن طریقے سے کر سکے اگر کبھی یہ نیوز کانفرنس کریں تو اپنے مخصوص اخباری دوستوں کو بلاتے ہیں ان کو پہلے سے سوال بنا دیئے جاتے ہیں کہ ایسے سوال کئے جائیں جن سے حکمرانوں کے روشن کارناموں پر روشنی پڑ سکے خوشامدیوں کے ٹولے کے ٹولے ان کے پاس ہیں جو اس فن میں زیادہ پرفارم کرتا ہے وہ بڑا صحافی ہے حکمران نمائشی لت میں اس طرح ڈوبے ہیں کہ چھوٹے سے چھوٹا کام بھی کرنا ہو تو اس کے لیے نمائش اور تشہیر کا پہلو نکال لیتے ہیں نمائشی کلچر نے ہمارے معاشرے کو بھی چاٹ لیا ہے ہم اپنے مرنے والوں کی قل خوانی بھی اس شان سے کرتے ہیں کہ لوگ داد و تحسین کے نعرے لگاتے رخصت ہوتے ہیں ہمارا معاشرہ اس حد تک بانجھ ہو چکا ہے کہ ہم کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے اگر کوئی بیمار ہے تو پرائیوٹ مہنگے ہسپتال سے علاج کراتے ہیں اور پھر اس کا اشتہار لگاتے پھرتے ہیں کہ فلاں پرائیوٹ ہسپتال سے آپریشن کرایا ہے فلاں مہنگے ڈاکٹر سے میں اپنا چیک اپ کراتا ہوں اور تو اور نمائشی کلچر نے اب مذہبی عبادات کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے جو لوگ سرکاری حج پر جاتے ہیں وہ شرمندہ شرمسار پھرتے ہیں بتانے سے گریز کرتے ہیں جو لوگ پرائیوٹ حج کرتے ہیں وہ بلا بلا کر سب کو بتاتے ہیں اور پھر مکہ مدینہ میں قریب ترین ہوٹلوں کی نمائش بتائی جاتی ہے پھر عمرے کے پیکج کس گروپ سے۔ یہاں تک کے مرنے والے کو کس قبرستان میں دفن کرنا ہے میں ایک جنازے پر گیا تو ورثا نے جنازے کے ساتھ لمبے لمبے بانس باندھے ہوئے تھے یہ مرنے والے کی بھی خواہش تھی کہ رش اتنا زیادہ تھا کہ جنازے کو بانس باندھنے پڑے اور پھر مرنے کے بعد پورے علاقے میں اعلان کرائے جاتے ہیں مرنے کے ساتھ ہی گھر والے مہنگے ترین ٹینٹ اور کھانوں کا اہتمام کرتے ہیں جو لوگ کھانوں میں بونے لگا دیں ان کی شہرت چاروں طرف پھیل جاتی ہے پھر مرنے پر معاشرے کے بااثر لوگوں کو بلایا جاتا ہے اور گھنٹوں لاش کو رکھ کر خاص لوگوں کا انتظار کیا جاتا ہے اخبارات میں بڑے بڑے اشتہار شائع کئے جاتے ہیں کہ سوگواران مرنے والے کے بعد اپنی امارت کے اشتہار چلاتے ہیں اس مرض میں ہمارا سارا معاشرہ ڈوبا نظر آتا ہے ہم چام کے دام چلا کر سیٹھ بننا چاہتے ہیں شیر پنجاب شیر پاکستان شیر بنگال ثانی قائداعظم محافظ جمہوریت خطیب پاکستان خطیب اسلام عالمی مبلغ اسلام پیر طریقت سراج الاولیا مفتی اعظم مفتی پاکستان یہ لوگ اپنی نگرانی میں اشتہار اپنی مرضی سے چھپواتے ہیں نام کے ساتھ ہوش اڑانے والے حشر اٹھا دینے والے القاب و خطابات پھر جلسے میں اپنے آدمی بھیج کر قصیدے المثال اور پرجوش استقبال کرانا سٹیج سیکرٹری کو چٹ بھیج کر اپنا نام مجوزہ القاب کے ساتھ پکارنے کی تاکید کرنا اور پھر وقت آنے پر یہی کاغذی شیر موت کے غار میں اترتے ہیں تو ڈاکٹر کہتے ہیں ان کو فوری دفنا دو ورنہ جسم سوج جائے گا بدبو آئے گی پیٹ پھٹ سکتا ہے جب یہ قبروں میں اترتے ہیں تو زہریلے کیڑے مکوڑے ان نازک جسموں کو ادھیڑ ڈالتے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

پیسہ صرف آمدنی نہیں، عزت بھی دلاتا ہے، شہناز گل

جس مقام پر کھڑی ہوں، وہاں تک پہنچنے کیلئے کئی آزمائشیں برداشت کی ہیں

نئی دہلی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شہناز گل نے کہا ہے کہ محنت کی مناسب قیمت مانگنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ ان کے نزدیک مالی استحکام انسان کو عزت اور وقار بھی دیتا ہے۔ بھارتی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں شہناز گل نے بتایا کہ وہ کسی بھی فلم یا پراجیکٹ پر دستخط کرنے سے قبل مالی معاملات کو خاص اہمیت دیتی ہیں، وہ ہمیشہ اپنی محنت، قابلیت اور موجودہ مقام کے مطابق معاوضہ طلب کرتی ہیں، کیونکہ ان کے خیال میں ہر فنکار کو اپنی قدر کا احساس ہونا چاہیے۔ اداکارہ نے کہا کہ ایک وقت ایسا بھی آیا جب انہوں نے بغیر معاوضے کے بھی کام کیا، لیکن اس کے باوجود انہیں وہ احترام اور اہمیت نہیں ملی جس کی وہ مستحق تھیں، اس تجربے نے انہیں یہ احساس دلایا کہ اپنی محنت کی قیمت جاننا بے حد ضروری ہے۔ شہناز گل نے کہا کہ پیسہ بہت اہم ہوتا ہے، کیونکہ یہی آپ کو عزت بھی دلاتا ہے، آج جب وہ اپنے حق کے مطابق معاوضے کا مطالبہ کرتی ہیں تو بعض اوقات انہیں مطلوبہ رقم مل جاتی ہیڈ۔۔

لیجنڈری اداکارہ، ہدایتکارہ شمیم آرا کی 10ویں برسی 5 اگست کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) اپنی جاندار اداکاری سے لاکھوں دلوں پر راج کرنے والی لیجنڈری اداکارہ اور ہدایتکارہ شمیم آرا کی 10ویں برسی 5 اگست کو منائی جائے گی۔ 1938ء میں علی گڑھ میں پیدا ہونے والی شمیم آرا کا اصل نام تپلی بائی تھا لیکن فلمی ضرورت کے تحت بدل کر اسے شمیم آرا کر دیا گیا تھا۔ ان کی پہلی فلم کنواری بیوہ تھی جسے باکس آفس پر کچھ خاص کامیابی حاصل نہیں ہو سکی، البتہ لوگوں کو ایک نئی اداکارہ کا انداز بھا گیا اس کے بعد انہیں مختلف قسم کے کردار ملتے رہے۔ 1960ء میں شمیم آرا نے فلم سہیلی میں نگار ایوارڈ حاصل کر کے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوالیا،

عظیم گلوکار محمد رفیع کی برسی 46ویں برسی (آج) منائی جائیگی

محمد رفیع کو 6 فلم فیئر ایوارڈز کے ساتھ بھارت کے اعلیٰ ترین اعزاز پدما شری سے بھی نوازا گیا

لاہور (این این آئی) برصغیر کے عظیم گلوکار محمد رفیع کی برسی 46ویں برسی (آج) 31 جولائی کو منائی جائے گی۔ محمد رفیع بھارت کے شہر امرتسر کے گاؤں کوٹلہ سلطان سنگھ میں 24 دسمبر 1924 کو پیدا ہوئے اور شاید اس وقت کسی کے وہم و گمان بھی نہ ہوگا یہ بچہ ایسا نام پیدا کرے گا جو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ محمد رفیع نے 13 سال کی عمر میں لاہور ریڈیو سے پنجابی گانے گا کر اپنے فنی سفر کا آغاز کیا جبکہ 17 برس کی عمر میں موسیقار شیام سندر کی دعوت پر بمبئی (ممبئی) چلے گئے۔ بھارتی فلم انڈسٹری میں قدم رکھتے ہی انہوں نے ایسے لازوال گیت گائے جو ان کی پہچان بن گئے۔ محمد رفیع کی آواز کی خوبی تھی کہ اگر وہ کوئی غمگین گیت گاتے تو سب کو افسردہ کر دیتے اور رومانوی گیت گاتے تو سننے والے کا موڈ رومینٹک ہو جاتا۔ ان کے گائے گئے گیت فلموں کی کامیابی کی ضمانت سمجھے جاتے تھے۔ 3 دہائیوں تک بھارتی فلم انڈسٹری پر راج کرنے والے محمد رفیع نے دلیپ کمار، دھرمیندر، دیو آنند، رشی کپور، شمی کپور، جتیندر اور امیتابھ جیسے بڑے اداکاروں کیلئے پس پردہ گائیکی کی۔ محمد رفیع کو 6 فلم فیئر ایوارڈز کے ساتھ بھارت کے اعلیٰ ترین اعزاز پدما شری سے بھی نوازا گیا۔ موسیقی کی دنیا کا یہ روشن ستارہ 31 جولائی 1980 کو اپنے چاہنے والوں کو سوگوار چھوڑ کر ہمیشہ کیلئے چلا گیا۔

امریکی اداکار پر 4 خواتین کا جنسی زیادتی کا الزام

میں نے اپنی پوری زندگی میں کبھی کسی کیساتھ جنسی زیادتی نہیں کی

نیویارک (این این آئی) امریکی اداکار وگلوکار جیرڈ لیٹو پر 4 خواتین نے جنسی زیادتی کے سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق بی بی سی کی ایک نئی دستاویزی فلم جیرڈ لیٹو: ہالی ووڈ ڈارک سیکریٹ میں 10 خواتین نے جیرڈ لیٹو کے بارے میں بات کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ان 10 میں سے 4 خواتین نے اداکار پر جنسی زیادتی اور ہراسانی کے الزامات عائد کیے ہیں۔ ایک خاتون نے الزام عائد کیا کہ اداکار نے اسے موٹل کے باتھ روم میں جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا، اس وقت وہ 17 سال کی تھی۔ دوسری خاتون نے بتایا کہ جب وہ 19 سال کی تھی تو جیرڈ لیٹو نے اسے جنسی زیادتی کی دھمکی دی۔ تیسری خاتون نے یہ بتایا کہ اداکار نے اسے کیلیفورنیا میں اس وقت جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا جب وہ 17 سال کی تھی جب کہ چوتھی خاتون نے ملزم جیرڈ لیٹو پر یہ الزام عائد کیا کہ اداکار نے اسے فون کالز پر تب جنسی ہراسانی کا نشانہ بنایا جب وہ 16 سال کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق تمام مبینہ واقعات 2002 سے 2016 کے درمیان ہوئے۔ بی بی سی کی یہ دستاویزی فلم کے ریلیز ہونے کے بعد جیرڈ لیٹو نے خواتین کی جانب سے عائد کیے گئے الزامات پر اپنے ردِعمل کا اظہار کر دیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں ان الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اپنی پوری زندگی میں کبھی کسی کے ساتھ جنسی زیادتی نہیں کی، یہ دعوے بالکل جھوٹے ہیں۔

از دفتر میونسپل کمیٹی حضرو

نیلام عام

ہر خاص و عام کی آگاہی کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ میونسپل کمیٹی حضرو درج ذیل ذرائع آمدن برائے سال 27-2026 (برائے ایک سال) مورخہ 10-08-2026 کو بوقت 11.00 بجے دن، بمقام دفتر میونسپل کمیٹی حضرو میں نیلام کر رہی ہے شرائط نیلام جو موقع پر پڑھ کر سنائی جائیں گی دوران اوقات کار دفتر میونسپل آفیسر (فنانس) سے ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

1۔ معیاد ٹھیکہ 01-07-2026 تا 30-06-2027 ہوگی جس میں کسی صورت توسیع نہ ہوگی۔
2۔ حکومت پنجاب اور میونسپل کمیٹی حضرو کی طرف سے مستثنیٰ قرار دی جانے والی اشیاء، ایریا، افراد، فرم، کمپنی، ادارہ سے ٹیکس فیس وصول نہ کی جائے گی۔
3۔ بولی میں وہی فرد/افراد/کمپنی حصہ لینے کے اہل ہوں گے جو بمطابق پنجاب لوکل گورنمنٹ (آکشن آف کولیکشن رائٹس) رولز 2016 رجسٹرڈ ہوں گے۔
4۔ بولی میں حصہ لینے سے قبل ٹھیکہ کے سامنے دی گئی زر ضمانت کا ڈیپازٹ بحق میونسپل کمیٹی حضرو بمعہ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی اور رجسٹریشن سرٹیفکیٹ آفیسر نیلام کنندہ/نیلام کمیٹی کے پاس جمع کرانا لازمی ہوگا۔
5۔ کل زر نیلام پر عائد کردہ شرح انکم ٹیکس یا حکومت کی طرف سے عائد کردہ کوئی بھی ٹیکس مقرر کردہ شرح کے مطابق جمع کرانا لازمی ہوگا۔
6۔ کوئی بھی نادہندہ، بلیک لسٹ یا دیوالیہ شخص/فرد کمپنی بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔

نمبر شمار	نام ٹھیکہ	زر ضمانت	ریزرو پرائس ٹھیکہ جات
1	پارکنگ/ اڈا فیس	8,00,000/	8,000,000/

نوٹ: مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ 17-08-2026 اور اسی طرح سہ بارہ مورخہ 24-08-2026 کو ہوگی۔

المشتہر آفتاب احمد خان
چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حضرو

بحکم عمران رفیق
ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی حضرو

IPL-7841

SPORTS سپورٹس

پاکستان ہاکی ٹیم نے کوریا کو پہلے ٹیسٹ میچ میں ایک کے مقابلے میں تین گول سے شکست دیدی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی ٹیم نے کوریا کو پہلے ٹیسٹ میچ میں ایک کے مقابلے میں تین گول سے شکست دے کر چار میچوں کی سیریز کا فاتحانہ آغاز کیا ہے، پاکستان کے سفیان نے دو، کپتان ابوبکر محمود نے ایک گول اسکور کیا۔ جمعرات کو اسلام آباد اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے گئے چار ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے پہلے مقابلے میں پاکستان نے کوریا کو 1-3 سے شکست دے کر سیریز کا شاندار آغاز کر دیا۔ قومی ہاکی ٹیم نے میچ کے آغاز سے ہی جارحانہ کھیل پیش کیا اور کوریا کے دفاع پر مسلسل دباؤ برقرار رکھا، پاکستان کی جانب سے سفیان نے دو خوبصورت گول اسکور کیے، جبکہ کپتان ابوبکر محمود نے ایک گول کر کے ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ کوریا کی ٹیم میچ میں صرف ایک گول کرنے میں کامیاب رہی، جبکہ پاکستانی دفاع نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے برتری برقرار رکھی۔ قومی ہاکی ٹیم نے پہلے ٹیسٹ میں عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیریز کا فاتحانہ آغاز کیا۔ دوسرا ٹیسٹ میچ یکم اگست کو شام سوا پانچ بجے کھیلا جائیگا۔ تیسرا ٹیسٹ میچ 04 اگست، چوتھا ٹیسٹ میچ 07 اگست کھیلا جائے گا۔

پاکستان کی انڈر 21 ہاکی ٹیم نے پانچ میچوں پر مشتمل سیریز کے پہلے مقابلے میں عمان کی سینئر قومی ٹیم کو 0-2 سے شکست دے دی

مسقط (این این آئی) پاکستان کی انڈر 21 ہاکی ٹیم نے اپنے غیر ملکی دورے کا شاندار آغاز کرتے ہوئے پانچ میچوں پر مشتمل سیریز کے پہلے مقابلے میں عمان کی سینئر قومی ٹیم کو 0-2 سے شکست دے دی۔ میچ میں عبداللہ نے پینلٹی اسٹروک پر گول اسکور کر کے پاکستان کو برتری دلائی، جبکہ رانا سمیع نے بہترین فیلڈ گول کر کے ٹیم کی کامیابی کو یقینی بنایا۔ یہ مقابلہ انتہائی سخت اور نامساعد موسمی حالات میں کھیلا گیا

بقیہ 1

دفتر میں بیوٹیفکیشن، شہری سہولیات اور ترقیاتی منصوبوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) رمشا جاوید، اسسٹنٹ کمشنر صدر، سیکرٹری آر ٹی اے، متعلقہ محکموں کے افسران جبکہ ضلع کی تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز نے اپنے اپنے علاقوں میں سہولت بازاروں اور آن گو بازاروں کے لیے دستیاب مقامات، جاری ترقیاتی منصوبوں اور آئندہ لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر صدر کی جانب سے شروع کیے گئے اقدامات کو سراہا اور اسی جذبے کے ساتھ منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں جی ٹی روڈ، کلر سیداں، چک بیلی خان روڈ، ٹیکسلا جی ٹی روڈ اور دیگر اہم عوامی مقامات کی ترقی، خوبصورتی اور وہاں سہولت بازاروں کے قیام کے لیے موزوں مقامات کی فوری نشاندہی کر کے جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ایسے مقامات کو جدید شہری سہولیات سے آراستہ کیا جائے تاکہ عوام کو معیاری اور آسان خدمات میسر آ سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ای گرین بس سٹاپس کی بحالی، مرمت اور تزئین و آرائش کی رپورٹ دو روز میں پیش کرنے، سڑکوں پر موجود گڑھوں کی فوری مرمت، مین ہولز کے بحالی، بلڈنگ سیفٹی اقدامات اور مقررہ سیفٹی اسٹینڈرڈز پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت بھی جاری کی۔ انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز میں بھی حفاظتی اقدامات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور متعلقہ ادارے باقاعدگی سے نگرانی کریں۔ اجلاس میں میونسپل اور اربن ایریاز سے جانوروں کے باڑوں کے خاتمے، شجرکاری مہم کو مزید مؤثر بنانے، لگائے گئے پودوں کی حفاظت، باقاعدہ دیکھ بھال اور پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے کے ساتھ مقررہ اہداف بروقت مکمل کریں تاکہ راولپنڈی کو ایک صاف، سرسبز، محفوظ اور جدید شہری ضلع بنانے کے حکومتی وژن کو عملی شکل دی جا سکے

بقیہ 2

کا اہم کردار ہے جس کے لیے صوبائی حکومت مکمل تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے انسٹیٹیوٹ کی انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ و طالبات کو ہنرمند بنانے کے لیے شارٹ کورسز بھی شروع کریں تاکہ نہ صرف ہنرمند افراد کی ملکی ضروریات پوری ہوں بلکہ بیرون ملک بھی ڈیمانڈ پوری کی جا سکے۔ اس موقع پر آکسفورڈ انٹرنیشنل کے سی ای او محمد شفیق اور ایرڈ انسٹیٹیوٹ آف سائنسز کے ڈائریکٹر خورشید یوسف بھی موجود تھے۔ سی ای او میاں محمد ساجد نے بتایا کہ راولپنڈی کیمپس میں کمپیوٹر سائنس اور بزنس ایڈمنسٹریشن میں ڈگری پروگرامز کے علاوہ نیونک کے تعاون سے مختلف شعبوں میں شارٹ کورسز بھی کروائے جا رہے ہیں تاکہ بیرون ملک ہنرمند افرادی قوت بھجوا کر زیادہ سے زیادہ زرمبادلہ کمایا جا سکے۔

بقیہ 3

جنگلی گھاس اور دیگر رکاوٹوں کو ہٹایا جائے گا۔ شاہراہ کے اطراف صفائی، جھاڑو، ویسٹ مینجمنٹ اور ماحول کی بہتری کے اقدامات بھی کیے جائیں گے تاکہ جی ٹی روڈ کو ایک صاف، خوبصورت اور خوشگوار شاہراہ کی صورت میں پیش کیا جا سکے۔ چونکہ یہ شاہراہ ایک اہم وی وی آئی پی روٹ ہونے کے ساتھ ساتھ روزانہ ہزاروں شہریوں اور مسافروں کی آمدورفت کا مرکزی راستہ بھی ہے، اس لیے اس کی مستقل صفائی اور خوبصورتی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر تحصیل صدر اختر ملک کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی طرف سے جی ٹی روڈ سے راولپنڈی رنگ روڈ بائیپاس تک پورے روٹ کی مستقل خوبصورتی کے لیے ایک جامع گرین بیوٹیفکیشن پلان بھی تیار کیا جا رہا ہے، جس کے تحت مرحلہ وار شجرکاری، گرین بیلٹس کی بحالی، لینڈ اسکیپنگ، پودوں کی دیکھ بھال اور دیگر تزئین و آرائش کے منصوبوں پر عمل درآمد کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو ایک صاف، سرسبز اور دلکش ماحول فراہم کیا جا سکے۔ سی ای او ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی اور سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وژن صرف صفائی تک محدود نہیں بلکہ پنجاب کے شہروں کو جدید، سرسبز، ماحول دوست اور خوبصورت بنانا بھی اس پروگرام کا بنیادی مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت راولپنڈی میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے، شاہراہوں، چوراہوں اور عوامی مقامات کو مستقل بنیادوں پر صاف رکھنے اور گرین بیوٹیفکیشن کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ رانا ساجد صفدر نے کہا کہ جی ٹی روڈ شہر کا مرکزی داخلی راستہ اور قومی اہمیت کی حامل شاہراہ ہے، اس لیے اس کی صفائی، ویسٹ مینجمنٹ، جھاڑیوں کی کٹائی، ماحول دوست تزئین و آرائش اور خوبصورتی کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام کام اعلیٰ معیار کے مطابق، مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور صفائی کے دوران حفاظتی اقدامات کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے ساتھ ساتھ گرین بیوٹیفکیشن پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ راولپنڈی شہر کا مثبت، خوبصورت اور مہذب تشخص مزید نمایاں ہو اور شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول میسر آ سکے۔ مینیجر آپریشنز تحصیل صدر حارث مرتضیٰ نے بتایا کہ خصوصی آپریشن کے لیے تمام ضروری افرادی قوت، مشینری اور وسائل کو متحرک کر دیا گیا ہے، جبکہ صفائی کا عمل مرحلہ وار جاری رہے گا تاکہ کسی بھی مقام پر کوڑا کرکٹ، جھاڑیاں یا غیر ضروری نباتات باقی نہ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ مینیجر آپریشنز تحصیل صدر جلیل خان ڈاور اور نعمان اجمل اور تمام آپریشن سٹاف فیلڈ میں موجود رہ کر آپریشن کی براہِ راست نگرانی کر رہے ہیں، جبکہ ٹیموں کو ہدایت دی گئی ہے کہ صفائی، ویسٹ مینجمنٹ، جھاڑیوں کی کٹائی اور گرین بیوٹیفکیشن کے تمام مراحل کو مؤثر انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ جی ٹی روڈ اور اس سے ملحقہ علاقوں کو مثالی صفائی اور خوبصورتی کا نمونہ بنایا جا سکے۔

بقیہ 4

فراہم کریں۔ ان احکامات کی روشنی میں اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیرِ نگرانی، نوتعینات ایس ایچ او چوہدری رفیق کی قیادت میں گوجر خان پولیس نے سماج دشمن عناصر پر کاری ضرب لگائی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے منشیات سپلائی کرنے والے نیٹ ورک کے خلاف خفیہ اطلاعات پر ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مکروہ دھندے میں ملوث دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات، جس میں 3 کلو 500 گرام اعلیٰ معیار کی چرس شامل ہے، برآمد کر کے اپنے قبضے میں لے لی۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف فوری طور پر انسدادِ منشیات ایکٹ کے تحت ایف آئی آر درج کر کے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا ہے۔ نوتعینات ایس ایچ او تھانہ گوجر خان چوہدری رفیق کا کہنا ہے کہ ہماری نوجوان نسل کو منشیات جیسے ناسور سے چھٹکارا دلانا اور ان کے مستقبل کو محفوظ بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سی پی او راولپنڈی اور اعلیٰ حکام کے احکامات کے مطابق گوجر خان کی حدود میں کسی بھی شفارش یا دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر قبضہ مافیا، منشیات فروشوں اور جواریوں کے خلاف زیرو ٹولرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاتفریق اور سخت ترین قانونی کارروائیاں تب تک جاری رہیں گی جب تک گوجر خان سے جرائم کا جڑ سے خاتمہ نہیں ہو جاتا۔

بقیہ 5

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی نے ہدایت کی کہ یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے تمام پارکس، گرین بیلٹس اور عوامی مقامات پر خصوصی شجرکاری، پھولوں کی آرائش اور تھیم بیسڈ سجاوٹ کی جائے تاکہ کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل، معیاری دیکھ بھال اور گرین ایریاز میں مزید اضافہ یقینی بنایا جائے تاکہ راولپنڈی کو ایک صاف، سرسبز اور خوبصورت شہر بنایا جا سکے۔ کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ اس اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے احمد حسن رانجھا، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سید نذارت علی شاہ سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر پنجاب ہارٹیکلچر اتھارٹی کی جانب سے ادارے کے آپریشنل نظام، دائرۂ کار، جاری منصوبوں اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پی ایچ اے ٹی ایم اے راول ٹاؤن کی 46 یونین کونسلز اور ٹی ایم اے پوٹھوہار ٹاؤن کی 21 یونین کونسلز میں اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہے جبکہ ادارہ مجموعی طور پر 53 پارکس اور گرین بیلٹس کی دیکھ بھال اور انتظام سنبھال رہا ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ 12 پیدل چلنے والوں کے لیے سٹ آؤٹس، ورٹیکل پلانٹیشن، میٹرو پلرز پر آرائشی لائٹس اور بچوں کے تفریحی مقامات مکمل کیے جا چکے ہیں۔ اسی طرح اڈیالہ روڈ راولپنڈی پر پبلک پارک کی بحالی اور اپ گریڈیشن کا منصوبہ تیزی سے جاری ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ رنگ روڈ کے گرین بیلٹ اور شجرکاری کا ڈپازٹ ورک جاری ہے۔ رنگ روڈ کے دونوں اطراف گرین کوریڈور کے تحت 40 ہزار پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جن میں سے اب تک 24 ہزار 200 پودے لگائے جا چکے ہیں، جبکہ گرین بیلٹ کی آبی ضروریات پوری کرنے کے لیے 2 ٹیوب ویلز کی تنصیب کا کام بھی جاری ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ معرکۂ حق چوک کے گرین بیلٹ اور شجرکاری کا ڈپازٹ ورک مکمل کر لیا گیا ہے۔ اسی طرح 10 پارکس کی تزئین و آرائش کے منصوبے میں سے 5 پارکس مکمل ہو چکے ہیں جبکہ باقی 5 پارکس پر تقریباً 90 فیصد کام مکمل کیا جا چکا ہے۔ بریفنگ کے دوران گورکھ پور میں 1000 کنال پر مشتمل بڑے پیمانے کی نرسری کے منصوبے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ بتایا گیا کہ اب تک 200 کنال اراضی پر کام مکمل کرتے ہوئے 2 لاکھ پودے تیار کیے جا چکے ہیں جبکہ باقی 800 کنال اراضی کو بھی مرحلہ وار نرسری کی ترقی کے لیے استعمال میں لایا جائے گا۔

بقیہ 6

اور ذمہ دار مصنوعی ذہانت کے فروغ'' کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں، جس کا انعقاد وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن نے یو این ویمن کے اشتراک سے کیا۔ شمزہ فاطمہ نے کہا کہ پاکستان کو مصنوعی ذہانت پر مبنی دور کے لئے اپنی افرادی قوت کو تیار کرنا ہوگا جس کے لئے ملک بھر میں مصنوعی ذہانت کی تعلیم اور ٹیکنالوجی کی تربیت کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے آئی کی تعلیم اب صرف کمپیوٹر سائنس کے طلبہ تک محدود نہیں رہنی چاہئے بلکہ یہ ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے طلبہ اور پیشہ ور افراد کے لئے ایک بنیادی مہارت بن چکی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کام کر رہی ہے کہ اے آئی سے متعلق علم اور جدید ٹیکنالوجی کے وسائل صرف ٹیکنالوجی کے شعبے تک محدود نہ رہیں بلکہ غیر تکنیکی شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی ان سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں، وکلا، انتظامی عملے سمیت ہر شعبے کے پیشہ ور افراد کو ٹیکنالوجی کی تبدیلی کے مطابق خود کو ڈھالنا ہوگا۔ شمزہ فاطمہ نے کہا کہ حکومت کی ترجیح یہ ہے کہ ٹیکنالوجی اور غیر ٹیکنالوجی دونوں شعبوں کے طلبہ کو اے آئی، سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی (سٹیم) اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز سے متعلق بنیادی آگاہی فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنی پیشہ وارانہ اور روزمرہ زندگی میں ان سے فائدہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے اے آئی کے فروغ میں یو این ویمن ترقیاتی شراکت داروں، صنعت، جامعات اور وزارت آئی ٹی کی کاوشوں کو سراہا۔ وفاقی وزیر نے اس امر پر زور دیا کہ ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ اساتذہ تیار کیے جائیں تاکہ وہ طلبہ اور پیشہ ور افراد تک مصنوعی ذہانت کا علم منتقل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی اب معاشی ترقی، جدت اور پیداواری صلاحیت کی بنیاد بن چکی ہے اور مینوفیکچرنگ، زراعت، صحت اور مالیاتی خدمات سمیت مختلف شعبوں کو آگے بڑھا رہی ہے۔ شمزہ فاطمہ نے مصنوعی ذہانت کی تحقیق، جدت اور قیادت میں خواتین کی زیادہ سے زیادہ شمولیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر خواتین اے آئی کی تخلیق، تحقیق اور فیصلہ سازی میں شامل نہ ہوئیں تو اے آئی نظام نامکمل اور جانبدار رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اے آئی نظام انسانوں کے علم، تجربات اور اقدار کی بنیاد پر تشکیل پاتے ہیں، اس لئے ان کی تیاری میں متنوع ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے موبائل انٹرنیٹ کے استعمال میں صنفی فرق کم کرنے میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ ان کے مطابق یہ فرق 2024 میں تقریباً 38 فیصد تھا، جو 2025 میں 25 فیصد اور 2026 کی جی ایس ایم اے رپورٹ کے مطابق مزید کم ہو کر صرف 8 فیصد رہ گیا ہے۔ انہوں نے اسے دنیا میں ڈیجیٹل صنفی فرق میں ہونے والی تیز ترین کمی میں سے ایک قرار دیا تاہم انہوں نے کہا کہ اس پیشرفت کے باوجود ایس ٹی ای ایم تعلیم میں لڑکیوں کی شرکت اب بھی محدود ہے، جس کے باعث اے آئی ٹیکنالوجیز کی تیاری اور ترقی میں ان کی نمائندگی کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ اے آئی نظام انسانی تعصبات بھی اپنے اندر منتقل کر لیتے ہیں، اس لئے ان کی تیاری میں خواتین اور مختلف پس منظر رکھنے والے افراد کی شمولیت ضروری ہے۔ شمزہ فاطمہ نے کہا کہ مصنوعی ذہانت نظام انہی افراد کے تجربات اور سوچ کی عکاسی کرتے ہیں جو انہیں تیار کرتے ہیں لہٰذا اگر خواتین ان کی تیاری میں شامل نہ ہوئیں تو ان کا نقطہ نظر ان نظاموں میں شامل نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے نوجوان خواتین پر زور دیا کہ وہ صرف ٹیکنالوجی کی صارف نہ رہیں بلکہ اے آئی کی موجد، ڈیولپر اور تخلیق کار بنیں۔ انہوں نے کہا کہ جیڈز ریسانسیو اے آئی سکول جیسے اقدامات اس بات کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے کہ مصنوعی ذہانت کی ترقی صنفی شمولیت کے اصولوں کے مطابق ہو اور پائیدار ترقیاتی اہداف خصوصاً معیاری تعلیم اور صنفی مساوات کے حصول میں معاون بنے۔ خواتین کی ڈیجیٹل شمولیت کے لیے حکومتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران پاکستان نے متعدد اہم اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے فیصلے کے تحت رمضان سہڈی کی روایتی تقسیم کو پوئنٹی سٹورز کے بجائے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے ذریعے ممکن بنایا گیا جس سے مالی شمولیت کو نمایاں فروغ ملا۔ یہ منصوبہ وزارت آئی ٹی، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی، نادرا، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نجی شعبے کے باہمی تعاون سے وزیراعظم کی قیادت میں کامیابی سے نافذ کیا گیا۔

بقیہ 7

سے ملبہ ہٹانے اور راستوں کو کلیئر کرنے کے لیے محکمہ ہائی وے اور "ستھرا پنجاب" کے 70 اہلکار فیلڈ میں بھرپور انداز میں مصروفِ عمل ہیں۔ اس کے علاوہ، پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے افسران بھی موقع پر موجود ہیں اور تمام امدادی سرگرمیوں کی کڑی نگرانی کر رہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ اس ہنگامی صورتحال میں متحرک ہے اور

بقیہ 8

کے دوران وہاں غیر قانونی طور پر چلائی جانے والی آرا مشین (سامشین) کو ضبط کر کے جنگلات کے قوانین کے مطابق مکمل طور پر ناکارہ بنا دیا گیا۔ یہ کامیاب آپریشن اسسٹنٹ کنزرویٹر فارسٹس (ACF) لوئر ٹوپہ اور فارسٹ پٹرول آفیسر (FPO) بن نے مشترکہ طور پر انجام دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے غیر قانونی سرگرمی کے خلاف بروقت کارروائی کرنے پر پوری ٹیم کو شاباش دی ہے۔ انہوں نے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ قیمتی جنگلات کو نقصان پہنچانے اور جنگلات کی کٹائی میں ملوث عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے تاکہ ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 9

لیے 200 فٹ طویل پائپ اور دیگر ضروری لوازمات کے ہمراہ ڈی واٹرنگ سیٹ موقع پر باقاعدہ نصب کر دیا گیا ہے تاکہ نکاسی آب کے نظام کو یقینی بنایا جا سکے اور کسی بھی ممکنہ خطرے سے بچا جا سکے۔ تمام متعلقہ ادارے الرٹ ہیں تاکہ مون سون کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا کہنا ہے کہ شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ کسی بھی نہ خوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات یقینی بنائے گئے ہیں۔

بقیہ 10

منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ مریضوں اور عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔ بعد ازاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، جن میں ایمرجنسی وارڈ، میڈیکل وارڈز، سرجیکل وارڈز، آئی سی یو (ICU)، سی سی یو (CCU)، آپریشن تھیٹرز، لیبر روم، شعبہ اطفال، اور ٹراما اینڈ ایمرجنسی یونٹ شامل ہیں، کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے زیرِ علاج مریضوں سے ملاقات کی، ان کی عیادت کی، علاج معالجہ اور دستیاب سہولیات کے بارے میں دریافت کیا اور ان کے مسائل سنے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹرز) نے ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی ڈیوٹی روسٹرز کا بھی جائزہ لیا تاکہ عملے کی حاضری اور دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے ایمرجنسی ادویات، آکسیجن سلنڈرز، ویٹی لیٹرز، طبی آلات، صفائی ستھرائی، سٹیریلائزیشن، انفیکشن کنٹرول اقدامات اور ایمرجنسی سروسز کی مجموعی کارکردگی کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی، صفائی، نظم و ضبط، ایمرجنسی سروسز کی بلاتعطل دستیابی، ضروری ادویات اور طبی آلات کی مسلسل فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ مزید برآں، انہوں نے ہسپتال میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل نگرانی کرتے ہوئے انہیں جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی تاکہ عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 11

کا آغاز کیا ہے۔ انہوں نے اس اقدام پر وزیراعلیٰ پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔ چیف ویپ نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کو بھی خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ترقی، خوشحالی اور جدید انفراسٹرکچر کا سفر ان کی قیادت کے وژن کا تسلسل ہے۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی اور پنجاب حکومت عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر مشترکہ طور پر کام کر رہی ہیں، جن کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ رانا محمد ارشد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت عوامی خدمت، جدید سفری سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے خوشحال پنجاب کے وژن کو عملی شکل دینے کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گی۔

بقیہ 12

صورت میں نکاسی آب کا نظام مؤثر انداز میں کام کر سکے اور شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تمام ترقیاتی کام مقررہ معیار کے مطابق اور مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، جبکہ تعمیراتی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 13

ابھرتی ہوئی فضائی و خلائی ٹیکنالوجیز میں تعاون پر جامع تبادلۂ خیال کیا گیا۔ فریقین نے پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے مشترکہ عزم کا بھی اعادہ کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے معزز وفد کا پرتپاک خیرمقدم کرتے ہوئے دونوں ممالک کے مابین دفاعی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پاک فضائیہ کے غیر متزلزل عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاک فضائیہ کی جدید خطوط پر استوار کرنے کی حکمتِ عملی، خود انحصاری پر مبنی اقدامات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ مضبوط اور پائیدار شراکت داری کے فروغ کے لیے عسکری تعاون، مشترکہ تربیتی سرگرمیوں، تکنیکی اشتراک، دفاعی و صنعتی تعاون اور جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں روابط کو مزید وسعت دینا ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید اس عزم کا اعادہ کیا کہ دونوں دوست ممالک کی فضائی افواج کے درمیان مشترکہ مشقوں، باہمی تربیت اور تکنیکی و آپریشنل تعاون کے فروغ کے ذریعے دوطرفہ اشتراک کو مزید وسعت دی جائے گی۔ میجر جنرل مراویکو پاویل نگولا یوویچ نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی بصیرت افروز قیادت میں پاک فضائیہ کی شاندار پیش رفت کو سراہتے ہوئے اس کی آپریشنل تیاری، جدید تکنیکی صلاحیتوں اور خود انحصاری پر مبنی اقدامات کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ انہوں نے پاک فضائیہ کو جدید فضائی افواج کے لیے ایک قابلِ تقلید نمونہ قرار دیتے ہوئے دفاع، فضائی و خلائی شعبوں اور تربیتی میدان میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کی بھرپور خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس یقین کا بھی اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان فروغ پاتا ہوا دفاعی تعاون عملی اور دیرپا نتائج کا حامل ثابت ہوگا۔ معزز مہمان نے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کے ساتھ مشترکہ منصوبوں میں خصوصی دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے اسے جدید تحقیق، اختراع اور اشتراکِ عمل کے ذریعے فضائی و خلائی صنعت کے مستقبل کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرنے والا ایک انقلابی مرکز قرار دیا۔ بیلاروس کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد کا ایئر ہیڈکوارٹرز کا یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ عسکری شراکت داری کے استحکام اور وسعت کا مظہر ہے۔ یہ دورہ اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان اور بیلاروس دفاع اور ہوا بازی کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دے کر اپنے دوطرفہ تعلقات کو نئی جہت دینے کے لیے پُرعزم ہیں۔

بقیہ 14

کر 1,404 ہزار ٹن ہو گیا، جو گزشتہ سال اسی مدت کے دوران 1,122 ہزار ٹن تھا، جبکہ ڈی اے پی کی فروخت، بشمول درآمد شدہ مصنوعات، 2026 میں 288 ہزار ٹن سے بڑھ کر 318 ہزار ٹن ہو گئی۔ آف ٹیک میں اضافے کے نتیجے میں یوریا کا مارکیٹ شیئر پہلے کے 48% سے بہتر ہو کر 56% ہو گیا، جبکہ ڈی اے پی کے مارکیٹ شیئر میں 3% اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور یہ 66% تک پہنچ گیا۔ تمام مصنوعات کا ریونیو 200 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا، جبکہ 2025 کے دوران یہ 155 ارب روپے تھا، جس کی بنیادی وجہ فروخت کے زیادہ حجم ہیں۔ آمدنی میں اضافے، آپریٹنگ اخراجات پر قابو، اور 28 ارب روپے کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی آمدنی نے کمپنی کو 41.8 ارب روپے کا خالص منافع حاصل کرنے کے قابل بنایا۔ اس منافع کے نتیجے میں فی شیئر آمدنی 29.1 روپے رہی، جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ 27.0 روپے تھی۔ ایف ایف سی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 2026 کی دوسری سہ ماہی کے لیے 14.5 روپے فی شیئر عبوری ڈیویڈنڈ (منافع منقسمہ) کا اعلان کیا ہے، جس کے بعد 30 جون 2026 کو ختم ہونے والی ششماہی کا مجموعی ڈیویڈنڈ 23.0 روپے فی شیئر ہو گیا ہے۔

بقیہ 15

لیا۔ اس موقع پر انہوں نے پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کا بھی معائنہ کیا۔ آغا ظہیر عباس شیرازی نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ وہ تدریسی معیار کو مزید بہتر بنائیں اور طلباء کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں، تاکہ سرکاری اسکولوں کے طلبا کو جدید تقاضوں کے مطابق تعلیم مل سکے۔

بقیہ 16

گلگت کا دورہ کیا۔ گلگت میں چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ، محمد شاہد حسین نے اسسٹنٹ کمشنر جگلوٹ، وسیم، اور پاکستان ٹوبیکو بورڈ کی ٹیم کے ہمراہ، جس میں ڈائریکٹر پاکستان ٹوبیکو بورڈ بھی شامل تھے، گلگت کے علاقے جگلوٹ میں ایک غیر قانونی سگریٹ فیکٹری اور تمباکو کے گودام پر اچانک چھاپہ مارا۔ چھاپے کے دوران غیر قانونی سگریٹ فیکٹری سے سگریٹ بنانے کی مکمل مشینری، آلات، خام مال اور دیگر سامان برآمد کیا گیا، جبکہ گودام سے ہزاروں کلوگرام پروسیس شدہ تمباکو بھی برآمد ہوا۔ موقع پر موجود ریکارڈ کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر جگلوٹ نے غیر قانونی سگریٹ فیکٹری اور تمباکو کے گودام کو فوری طور پر سیل کر دیا، جبکہ ذمہ دار عناصر کے خلاف مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ بعد ازاں چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ نے چیف سیکرٹری گلگت بلتستان سے ملاقات کی اور انہیں غیر قانونی تمباکو کی ترسیل، ذخیرہ اندوزی اور غیر قانونی سگریٹ سازی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے درخواست کی کہ مانسہرہ، چلاس اور گلگت بلتستان سے ملحقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کی جائیں تاکہ غیر قانونی تمباکو گوداموں اور اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ، محمد شاہد حسین نے کہا کہ بعض عناصر تمباکو کاشتکاروں سے ڈیلروں کے ذریعے کم قیمت پر تمباکو خرید کر اسے غیر قانونی طور پر ذخیرہ کرتے ہیں اور بعد ازاں اسی تمباکو سے غیر قانونی سگریٹ تیار کر کے کروڑوں روپے کا ناجائز منافع کماتے ہیں۔ اس غیر قانونی عمل سے نہ صرف قومی خزانے کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ تمباکو کاشتکار بھی اپنے جائز حق سے محروم ہو رہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان ٹوبیکو بورڈ تمباکو کاشتکاروں کے حقوق کا ہر قیمت پر تحفظ کرے گا اور ان کا نقصان کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیلروں کو سستے داموں تمباکو خریدنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، جبکہ غیر قانونی سگریٹ سازی، غیر قانونی ذخیرہ اندوزی اور قانون کی خلاف ورزی میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ چیئرمین پاکستان ٹوبیکو بورڈ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک میں تمباکو کی خریداری، ترسیل اور تجارت کو قانونی ضابطوں کے مطابق یقینی بنایا جائے گا تاکہ کاشتکاروں کے مفادات کا تحفظ ہو، غیر قانونی تجارت کا خاتمہ کیا جا سکے اور قومی معیشت کو نقصان پہنچانے والے عناصر کی حوصلہ شکنی ہو۔

بقیہ 17

اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے شہدا کی بلندی درجات کی دعا کی۔ وز

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی زیر صدارت بیوٹیفکیشن اور شہری سہولیات سے متعلق اہم اجلاس

راولپنڈی میں بیوٹیفکیشن، سپورٹس گراؤنڈز، سہولت بازاروں اور شجرکاری منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا: ڈپٹی کمشنر

پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز میں بھی حفاظتی اقدامات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور متعلقہ ادارے باقاعدگی سے نگرانی کریں

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی ویژن اور عوامی فلاحی اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع بھر میں بیوٹیفکیشن، بچوں اور عام شہریوں کے لیے پارکس اور سپورٹس گراؤنڈز کی فراہمی، سہولت و آن گو بازاروں کے قیام، شجرکاری مہم اور شہری سہولیات کی بہتری کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے، جو حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اپنے (بقیہ نمبر 1)

پولیس اہلکار کا اپنی ضعیف والدہ پر بہیمانہ تشدد؛ تھپڑوں کی بارش

والدہ نے تحفظ کے لیے پولیس کو درخواست دے دی، مقدمہ درج کرلیا گیا، تفتیش شروع

راولپنڈی (این این آئی) خون سفید ہونے کا محاورہ راولپنڈی میں حقیقت بن گیا، پولیس اہلکار بیٹے نے اپنی ضعیف والدہ پر تھپڑوں کی بارش کردی، چہرہ نوچ ڈالا اور کپڑے پھاڑ دیے۔ پولیس کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے جڑواں شہر راولپنڈی کے تھانہ سول لائن کے علاقے جھنڈا چیچی میں افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں راولپنڈی پولیس میں تعینات پولیس اہلکار نے اپنی ضعیف والدہ اور بھائی پر بہیمانہ تشدد کیا۔ والدہ کی درخواست پر بدبخت بیٹے کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ اہل کار کی ضعیف (بقیہ نمبر 34)

ایس پی صدر زون/ انڈسٹریل ایریا زون خالد محمود اعوان کا اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد

موٹروے پولیس کی روہڑی کے قریب کارروائی

اسلحہ اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی، 2 ملزمان گرفتار کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) موٹروے پولیس نے روہڑی کے قریب ایم فائیو پر کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی جبکہ اس دوران 2 ملزمان گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق 14 ایس ایم جی رائفلز، ایک شاٹ گن، 23 پستول، 18 ہزار سے زائد گولیاں برآمد کی گئی ہیں جبکہ 89 اضافی میگزین اور 4 (بقیہ نمبر 36)

وفاقی حکومت نے پنشن میں سات فیصد اضافہ کردیا

ان سرکاری ملازمین کو بھی حاصل ہوگا جو یکم جولائی 2026 یا اس کے بعد ریٹائر ہوئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے تمام سول پنشنرز، دفاعی تخمینوں سے پنشن حاصل کرنے والے سویلین افراد، ریٹائرڈ مسلح افواج کے اہلکاروں اور سول آرمڈ فورسز کے پنشنرز کی بنیادی (بیس لائن) پنشن میں 7 فیصد اضافہ کردیا۔ وزارت خزانہ کے جاری کردہ آفس میمورنڈم کے مطابق یہ اضافہ یکم جولائی 2026 سے موثر ہوگا اور اس کا اطلاق ان تمام پنشنرز پر ہوگا جن کی بیس لائن پنشن کا تعین وزارتِ خزانہ کی یکم جنوری 2025، (بقیہ نمبر 38)

ساہیوال: صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات وجنگلی حیات ملک قاسم ندیم ایرڈ انسٹیٹیوٹ آف سائنسز راولپنڈی کے دورے کے دوران طلبہ وطالبات کو فراہم کردہ جدید تعلیمی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

نوجوانوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی میں نجی شعبے کا اہم کردار ہے

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات وجنگلی حیات ملک قاسم ندیم کا ایرڈ انسٹیٹیوٹ آف سائنسز راولپنڈی کا دورہ

بزنس ایڈمنسٹریشن میں ڈگری پروگرامز کے علاوہ نیوٹک کے تعاون سے مختلف شعبوں میں شارٹ کورسز بھی کروائے جا رہے ہیں، سی ای او میاں محمد ساجد

راولپنڈی (این ای این) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات وجنگلی حیات ملک قاسم ندیم کا ایرڈ انسٹیٹیوٹ آف سائنسز راولپنڈی کا دورہ۔ سی ای او میاں محمد ساجد نے استقبال کیا۔ پارلیمانی سیکرٹری نے انسٹیٹیوٹ کے مختلف تعلیمی شعبے دیکھے اور وہاں پر طلبہ وطالبات کو فراہم کردہ جدید تعلیمی سہولیات پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی میں نجی شعبے (بقیہ نمبر 2)

سنگین جرائم میں ملوث 22 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 22 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم (بقیہ نمبر 39)

لاہور: ریسکیو اہلکار ہربنس پورہ میں گرنے والے تین منزلہ مکان کا ملبہ ہٹانے میں مصروف ہیں

سرگودھا میں 18 سالہ طالبہ پراسرار طور پر لاپتہ

والد طالبہ کو کالج چھوڑ کر گیا، چھٹی پر لینے پہنچا تو بیٹی غائب تھی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں نجی کالج جانے والی 18 سالہ طالبہ پراسرار طور پر لاپتہ ہو گئی ہے۔ اہلہ خانہ کے مطابق والد طالبہ کو کالج چھوڑ کر گیا، چھٹی پر لینے پہنچا تو بیٹی غائب تھی جبکہ کالج انتظامیہ نے موقف اپنایا کہ طالبہ چھٹی کے بعد کالج سے جا چکی (بقیہ نمبر 41)

عمران خان کی بہنیں انسداد دہشتگردی عدالت سے اشتہاری قرار

پولیس نے اشتہاری کی کارروائی مکمل کرکے رپورٹ عدالت میں جمع کروادی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کی بہنوں کو اشتہاری قرار دیدیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں علیمہ خان اور علیمہ خان کے خلاف 4 اکتوبر احتجاج کیس کی سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو اشتہاری قرار دے دیا۔ عدالت کی جانب (بقیہ نمبر 42)

جی ٹی روڈ کی صفائی کیلئے 70 ورکرز کی خصوصی ڈیوٹی پر تعیناتی

جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف موجود جھاڑیوں، خودرو پودوں، غیر ضروری نباتات، جنگلی گھاس اور دیگر رکاوٹوں کو ہٹایا جائے گا

وزیراعلیٰ پنجاب کا وژن صرف صفائی تک محدود نہیں بلکہ پنجاب کے شہروں کو جدید، سرسبز، ماحول دوست اور خوبصورت بنانا بھی اس پروگرام کا بنیادی مقصد ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت راولپنڈی شہر کو مزید صاف، سرسبز، خوبصورت اور ماحول دوست بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور اسسٹنٹ کمشنر صدر اختر ملک کی ہدایت پر سی ای او آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر نے جی ٹی روڈ کی صفائی کے لیے آر ڈبلیو ایم سی کے 70 ورکرز کو خصوصی ڈیوٹی پر تعینات کر دیا ہے، خصوصی صفائی مہم کے دوران جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف موجود جھاڑیوں، خودرو پودوں، غیر ضروری نباتات، (بقیہ نمبر 3)

ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مسلم لیگ (ن) کو کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ ملے، زیشان نقوی

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگی رہنما سید زیشان علی نقوی نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر انتخابات کا پہلے مرحلے میں مسلم لیگ (ن) نے 9 سیٹوں پر کامیابی حاصل کرکے بڑی سیاسی جماعت ہونے ثبوت دیا، مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوام کی خدمت کو اولین ترجیح دی اور عوام کی خدمت اور پاکستان کی تعمیر وترقی ایجنڈا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں مسلم لیگ (ن) کی مخالفت پر ووٹ مانگتی ہیں جبکہ مسلم لیگ (ن) ہمیشہ عوام کی خدمت اور کارکردگی پر ووٹ مانگتی ہے۔

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات بیوٹیفکیشن منصوبے کمشنر سلمان غنی کو پر بریفنگ دے رہی ہیں

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی کا چکوال کے چھپڑ بازار کا دورہ

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے جاری بیوٹیفکیشن منصوبے پر بریفنگ دی

چکوال (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلیمان غنی نے ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے ہمراہ اپنے ضلع چکوال کے پہلے دورے کے موقع پر چھپڑ بازار کا دورہ کیا اور وہاں جاری بیوٹیفکیشن منصوبے کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران کمشنر راولپنڈی ڈویژن کو بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت سول ورک، فاؤنٹین اور دیگر بنیادی ترقیاتی کام مکمل کیے (بقیہ نمبر 43)

ایس پی سواں زون خرم اشرف کی زیر صدارت اہم اجلاس

SIPS پروٹوکول کے تحت سروس ڈلیوری مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی سواں زون خرم اشرف نے تمام افسران کو جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن، کار وموٹر سائیکل چوری میں ملوث گروہوں کیخلاف ٹارگٹڈ کارروائیوں اور SIPS پروٹوکول کے تحت سروس ڈلیوری مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سواں زون خرم اشرف کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سواں اور رورل زون کے (بقیہ نمبر 44)

وزیراعلیٰ پنجاب کے شجرکاری پروگرام کے تحت اسسٹنٹ کمشنر کلر سیداں مقامی تخیر حضرات کے ساتھ مل کر پودے لگائے جا رہے ہیں

ستھرا پنجاب اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

ویسٹ کولیکشن فیس کے اہداف، ستھرا پنجاب کی استعداد کار بڑھانے پر غور

ستھرا پنجاب اتھارٹی کے ریگولیشنز کی منظوری، مالی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اجلاس میں ویسٹ ٹو ویلیو فیز کے منصوبوں کو تیزی سے آگے بڑھانے کا بھی فیصلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے دوران ستھرا پنجاب ایجنسیز کے مالی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید، بورڈ کے دیگر ارکان اور تمام ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب عمر جاوید نے بورڈ کے ارکان کو حاصل کئے گئے اور آئندہ اہداف پر بریفنگ دی۔ ویسٹ کولیکشن فیس کے اہداف اور ستھرا پنجاب کی استعداد (بقیہ نمبر 45)

خواتین اور بچوں کے خلاف جنسی جرائم میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزم انور کو مزید قانونی کارروائی کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس آپریشنز ونگ نے فوری رسپانس کرتے ہوئے خواتین اور بچوں کے خلاف جنسی جرائم میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق چاروں مقدمات میں مطلوب ملزمان گرفتار کر لیے گئے ہیں۔ جن کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ خاتون کو ہراساں کرنے والے ملزم عثمان کو شاد باغ پولیس نے گرفتار کر لیا۔ اسی طرح شاد باغ پولیس نے 12 سالہ بچی سے نازیبا حرکات کرنے والے ملزم اشرف کو بھی گرفتار کیا۔ اس کے علاوہ مناواں پولیس نے الرحیم گارڈن میں (بقیہ نمبر 46)

ایس پی ایوان صدر پارلیمنٹ ہاؤس طاہر خان کا مہمان ہاکی ٹیم کے وینیو کا دورہ

کمشنر سلمان غنی کا بارشوں سے متاثرہ ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

کمشنر نے دورے کے دوران تکیہ شاہ مراد میں جاری بحالی منصوبے کا معائنہ کیا

چکوال (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلیمان غنی نے ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے ہمراہ گزشتہ سال مون سون بارشوں سے متاثرہ ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا اور جاری بحالی کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران تکیہ شاہ مراد میں جاری بحالی منصوبے کا معائنہ کیا گیا جہاں بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کا بیشتر کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ باقی ماندہ کام کی بروقت تکمیل کے لیے مزید وسائل درکار ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے درپیش امور سے آگاہ کیا، جس پر کمشنر راولپنڈی (بقیہ نمبر 47)

کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلیمان غنی نے ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے ہمراہ گزشتہ سال مون سون بارشوں سے متاثرہ ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن

جانچ پڑتال کیلئے دو مشکوک افراد اور 15 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کے دوران جانچ پڑتال کیلئے دو مشکوک افراد اور 15 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ (بقیہ نمبر 48)

''انٹیگرال گلوبل'' کے تعاون سے فری میڈیکل کیمپ

پولیس اہلکاروں کے مفت طبی معائنے کیے گئے، طبی مشورے بھی فراہم کیے

اسلام آباد (این این آئی) پولیس افسران و جوانوں کیلئے ڈپلومیٹک انکلیو سکیورٹی ڈویژن میں ''انٹیگرال گلوبل'' کے تعاون سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں پولیس اہلکاروں کے مفت طبی معائنے کیے گئے اور ماہر ڈاکٹرز نے صحت سے متعلق ضروری طبی مشورے بھی فراہم کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں پولیس افسران وجوانوں کی صحت اور فلاح (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

راولپنڈی کو سرسبز بنانے کیلئے تمام منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے

یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے تمام پارکس، گرین بیلٹس اور عوامی مقامات پر خصوصی شجرکاری، پھولوں کی آرائش اور تھیم بیڈ سجاوٹ کی جائے

کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیر صدارت پنجاب ہارٹیکلچر اتھارٹی کے امور اور شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے جائزہ اجلاس

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے پنجاب ہارٹیکلچر اتھارٹی کے امور، جاری ترقیاتی منصوبوں اور شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ہدایت کی کہ راولپنڈی کو سرسبز، خوبصورت اور ماحول دوست شہر بنانے کے لیے تمام منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پارکس، گرین بیلٹس اور شجرکاری شہریوں کو صحت مند اور خوشگوار ماحول فراہم کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی دیکھ بھال اور مزید بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے۔ (بقیہ نمبر 5)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا روزانہ کی بنیاد پر سنٹرل پولیس آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد

آئی جی اسلام آباد سید ناصر علی رضوی کی کھلی کچہری

شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے ہدایات جاری کیں

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے موقع پر ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں "اوپن ڈور پالیسی کے تحت" کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی؛ شادی شدہ خاتون نے خود کو گولی مار کر خودکشی کرلی

اہلیہ نے باتھ روم میں جا کر خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کرلیا، شوہر

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ آرے بازار کے علاقے محلہ کشمیریاں اڈہ میں شادی شدہ خاتون نے مبینہ خودکشی کرلی۔ خاوند کی جانب سے اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی۔ شوہر کے مطابق 4 سال قبل شادی ہوئی تھی، اہلیہ نے باتھ روم میں جا کر خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ پولیس کے مطابق جائے وقوعہ سے فرانزک شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں، حتمی صورت حال پوسٹ مارٹم وتفتیش میں واضح ہوگی۔

راولپنڈی، 7 افراد زیر حراست

شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 7 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 7 افراد کو حراست میں لے کر 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ بنی، چکلالہ، جاتلی، چونترہ اور کلرسیداں کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

راولپنڈی، 2 منشیات سپلائر گرفتار، ساڑھے 3 کلو چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کرکے ساڑھے 3 کلو چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 منشیات سپلائر زکو گرفتار کرلیا، زیر حراست منشیات سپلائر سے ساڑھے 3 کلو چرس برآمد ہوئی، گوجر خان پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کرکے گرفتار کرلیا، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

کوتریلہ میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین کے قیام کی منظوری

سابق ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم کی ذاتی دلچسپی اور انتھک کاوشیں رنگ لے آئیں، کوتریلہ کی ہزاروں طالبات کا بڑا مسئلہ حل

لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم نے عملی اقدامات سے دھرتی ماں اور علاقے کی بچیوں کے لیے تعلیمی سفیر کا حق ادا کردیا، والدین میں خوشی کی لہر۔

اسلام آباد ماڈل سکول فار گرلز میں خواتین کی ذاتی حفاظت کے موضوع پر ایک معلوماتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

گوجر خان (قمر شہزاد) حکومت پنجاب کے ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے گوجر خان کی اہم ترین یونین کونسل کوتریلہ میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین کے قیام کی حتمی منظوری دیتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ کالج تعلیمی سیشن 27-2026 سے باقاعدہ کام شروع کر دے گا، جس سے علاقے میں خواتین کی اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ ذرائع کے مطابق کوتریلہ اور اس کے گردونواح کے درجنوں دیہاتوں (بقیہ نمبر 51)

تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی، اندھا قتل ٹریس، 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نالہ لئی سے بوری بند لاش ملنے کے واقعہ پر تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اندھا قتل ٹریس کرکے 3 ملزمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق نالہ لئی سے بوری بند لاش ملنے کے واقعہ پر تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اندھا قتل ٹریس کرکے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، زیر حراست ملزمان سے واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی اور موٹر سائیکل بھی برآمد ہوئے، زیر حراست افراد نے مکان ہتھیانے کی لالچ میں شہری عباس رضا کو پھندہ دے کر قتل کیا اور نعش بوری میں ڈال کر نالہ لئی میں پھینک دی تھی۔

گرنے والے تین منزلہ مکان میں بچے کی سالگرہ کی تقریب جاری تھی

لاہور (این این آئی) ہربنس پورہ میں زمین بوس ہونے والے تین منزلہ مکان میں بچے کی سالگرہ کی تقریب جاری تھی۔ بتایا گیا ہے کہ تینوں بھائی ایک ہی گھر کی تین منزلوں پر رہائش پذیر تھے جبکہ ان کی بہن بھی بچوں کے ہمراہ رہنے کیلئے آئی ہوئی تھی۔ بتایا گیا ہے کہ گھر میں ایک بچے کی سالگرہ کی تقریب منعقد کی جارہی تھی کہ اسی دوران چھت گرگئی۔

لاہور میں کرنٹ لگنے کے حادثات میں 2 افراد جاں بحق

ایک شخص ہائی ووٹیج لائن سے ٹکرا کر، خاتون ٹوٹی بجلی کی تار کی زد میں آ کر جاں بحق

لاہور (این این آئی) چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ نے لاہور کے مختلف علاقوں میں کرنٹ لگنے کے دو افسوسناک حادثات پر افسوس کا اظہار کیا ہے، ان حادثات میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ ترجمان لیسکو کے مطابق حمزہ ٹاؤن (بقیہ نمبر 52)

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کا فیض آباد کا دورہ

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کیخلاف کارروائیاں تیز کرنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے فیض آباد کا دورہ کرکے غیر قانونی بس اڈوں، تجاوزات اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے فیض آباد کا دورہ کیا، انہوں نے ڈیوٹی پر موجود ٹریفک پولیس افسران سے ملاقات کی اور ٹریفک کی روانی، انتظامات اور مجموعی (بقیہ نمبر 53)

چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان کا جی ایٹ مرکز کا دورہ۔ ٹریفک انتظامات کا جائزہ لے رہی ہیں

گوجر خان میں منشیات فروشوں کے خلاف گرینڈ کریک ڈاؤن

سی پی او کی ہدایت پر ایس ایچ او چوہدری رفیق کی بڑی کارروائی دو منشیات فروش گرفتار، ساڑھے تین کلو چرس برآمد اور مقدمہ درج

نوجوانوں کو منشیات اور شہریوں کو قبضہ مافیا سے نجات دلانا ترجیح ہے بغیر سفارش سماج دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹولرنس پالیسی جاری رہے گی

گوجر خان (قمر شہزاد) وزیراعلیٰ پنجاب کے تحفظ اور پرامن پنجاب کے ویژن کے مطابق، آئی جی پنجاب کے واضح احکامات اور سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کی خصوصی ہدایات پر گوجر خان کو جرائم سے پاک کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر گرینڈ کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا گیا ہے۔ سی پی او راولپنڈی کی جانب سے نوتعینات ایس ایچ او تھانہ گوجر خان چوہدری رفیق کو واضح ڈائریکشن دی گئی ہے کہ وہ علاقے کو قبضہ مافیا، منشیات فروشوں اور جوا خانوں کی لعنت سے پاک کرکے عوام کو فوری ریلیف (بقیہ نمبر 4)

21 افسران کے تقرر وتبادلے کے احکامات جاری

احمد عثمان جاوید ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی، مس جویریہ مقبول ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ داخلہ تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 21 افسران کے تقرر وتبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ احمد عثمان جاوید کو مینیجنگ ڈائریکٹر ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور، ڈپٹی سیکرٹری محکمہ آبپاشی مس جویریہ مقبول کو ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ داخلہ، تقرری کے منتظر شہریار عارف خان کو چیف ایگزیکٹو آفیسر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، مس عمرانہ توقیر کی پراجیکٹ ڈائریکٹر امپروونگ ورک فورس تقرری منسوخ، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ڈسپوزل پر موجود مس آمنہ رفیق پراجیکٹ ڈائریکٹر امپروونگ ورک فورس، ایس اینڈ جی اے ڈی میں تقرری کے منتظر محمد رفیق احسن اور امتیاز (بقیہ نمبر 54)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035